باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
www.dailymumtaz.com mumtazisb9@gmail.com
dailymumtazofficial @Dailymumtaz1
روزنامہ ممتاز راولپنڈی اسلام آباد
THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI-ISLAMABAD
رجسٹرڈ نمبر NRP-002
بانی: عبداللہ بٹ
صفحات 6 قیمت 15 روپے
جلد 04 | پیر، 18 مئی 2026، یکم ذی الحج 1447ھ، 5 جیٹھ 2082ب | نمبر 317

دلیل

بے شک جولوگ اہلِ کتاب میں سے منکر ہوئے اور مشرکین وہ دوزخ کی آگ میں ہوں گے اس میں ہمیشہ رہیں گے، یہی لوگ بدترین مخلوقات ہیں۔ بے شک جولوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے یہی لوگ بہترین مخلوقات ہیں۔ ان کا بدلہ ان کے رب کے ہاں ہمیشہ رہنے کی بہشت ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے، یہ اس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے۔ (سورۃ البینۃ، آیت نمبر 6 تا 8)

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

بڑے حملے کی تیاری، تہران کو 5 امریکی شرائط پیش، محسن نقوی کی ایرانی صدر سے ملاقات

یہ طوفان سے پہلے کی خاموشی ہے، ٹرمپ کی دھمکی، نئی شرائط میں ایران سے 400 کلو افزودہ یورینیم اور ہرجانے کا مطالبہ، دوبارہ حملے کا مطلب غلطیوں سے کچھ نہیں سیکھا، روس

امریکہ کی حماقت کا سخت جواب دیا جائے گا، ایرانی مسلح افواج، دشمن کے ہتھیار اب آبنائے ہرمز سے نہیں گزر سکیں گے، ایرانی نائب صدر، وزیر داخلہ مسعود پزشکیان 90 منٹ ملاقات

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے ساتھ مذاکرات تعطل کا شکار ہونے کے بعد اسرائیل اور امریکا ایران پر حملے دوبارہ شروع کرنے کی تیاری کر رہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ابوالفضل شکارچی نے امریکا کی جانب سے بار بار دی جانے والی دھمکیوں پر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محسن نقوی کی ایرانی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)


تہران، ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

سندھ طاس بین الاقوامی معاہدہ، پاکستان کا موقف انڈس واٹر ٹریٹی کی درست قانونی تشریح اور عالمی قانون کے مطابق ہے، فیصلہ

بھارتی آبی بیانیہ دفن، پاکستان سرخرو

انڈیا یکطرفہ سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا، عالمی ثالثی عدالت کا بڑا فیصلہ

عدالت کا فیصلہ عالمی قانون کی فتح، پاکستان کا خیر مقدم، حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے قانونی و سفارتی ذرائع بروئے کار لانے کا عزم

بھارت مغربی دریاؤں پر کسی بھی ہائیڈرو پاور منصوبے میں اپنی مرضی سے پانی ذخیرہ نہیں کر سکتا، کشن گنگا اور ریتلے منصوبوں سے متعلق تمام تکنیکی اور ہائیڈرولوجیکل معلومات پاکستان سے شیئر کی جائیں، ثالثی عدالت

اسلام آباد (ممتاز نیوز) عالمی سطح پر سندھ طاس معاہدے سے متعلق تنازع میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں عالمی ثالثی عدالت نے پاکستان کے موقف کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ انڈس واٹر ٹریٹی کی قانونی حیثیت برقرار ہے اور بھارت اسے یکطرفہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

پیٹرولیم قیمتیں بڑھنے سے عوام پر مہنگائی کا نیا طوفان

گھی، کوکنگ آئل، آٹا اور دالوں سمیت کئی اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں

ماہانہ 11 سے 18 ہزار روپے کا اضافی بوجھ پڑا، شہریوں کی دہائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد روزمرہ استعمال کی کئی اشیا بھی مہنگی ہو گئیں۔ گھی، کوکنگ آئل، آٹا، دالیں، مسالے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

اسرائیلی جارحیت جاری، مزید 11 فلسطینی شہید

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ میں کارروائیاں جاری ہیں، صیہونی فوج نے مختلف علاقوں پر حملے کرکے مزید 11 فلسطینیوں کو شہید کر دیا، کارروائیوں کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

امریکہ، ایران دونوں سے مذاکراتی دور، مستقل امن کیلئے پُرامید ہیں، وزیراعظم

امن آسانی سے نہیں آتا، سیاسی و فوجی قیادت کی شراکت داری سے پاکستان کی عالمی ساکھ مکمل بدل گئی، انٹرویو

قطری وزیراعظم کا رابطہ، پاکستان تیزی سے ڈیجیٹل انقلاب کی جانب گامزن ہے، یوم ٹیلی مواصلات پر پیغام

اسلام آباد (وقائع نگار، نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان براہ راست مذاکرات کے دوسرے دور اور مستقل امن کے حوالے سے پرامید ہیں۔ برطانوی اخبار سنڈے ٹائمز کو دیے گئے انٹرویو میں وزیراعظم شہباز شریف نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

کوئٹہ میں انٹیلی جنس آپریشن، 35 سے زائد خوارج ہلاک

منگلہ زرغون غر میں کارروائی، تین اہم کمانڈرز گرفتار، متعدد ٹھکانے تباہ

گرفتار دہشت گرد کمانڈرز سے اہم معلومات حاصل ہوئیں، شاہد رند

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے 35 سے زائد خوارج ہلاک ہوگئے۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

مریم نواز کی صدر آذربائیجان سے ملاقات، دوطرفہ تجارت بڑھانے پر اتفاق

وزیراعلیٰ نے صدر علیوف کو نواز شریف اور شہباز شریف کا سلام پہنچایا، دونوں اطراف نے سٹریٹجک شراکت داری کی ترقی کو سراہا

مریم نواز کی باکو میں یادگار کو چہ شہداء پر بھی آمد، پھول رکھے، شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین

باکو (ممتاز نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں وفد نے جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے اہم ملاقات کی، دونوں اطراف نے آذربائیجان اور پاکستان کے مابین برادرانہ تعلقات اور اسٹریٹجک شراکت داری کی ترقی کو سراہا۔ سیاسی، اقتصادی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز باکو میں آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے ملاقات کر رہی ہیں

ایٹمی ملک کو مٹانے کی بھارتی دھمکی ذہنی دیوالیہ پن، تباہی دوطرفہ ہوگی، پاک فوج

پاکستان کو نشانہ بنانے کی کوشش کے نتائج محدود نہیں رہیں گے، سیاسی اثرات خطے پر مرتب ہونگے، ISPR کا بھارتی آرمی چیف کے بیان پر ردعمل

یہی متکبرانہ، جنگی جنون پر مبنی ذہنیت بارہا جنوبی ایشیا کو جنگوں، بحرانوں کی طرف دھکیلتی رہی، بھارت کو پاکستان کی اہمیت کو تسلیم کرنا ہوگا، بیان

راولپنڈی (وقائع نگار) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بھارتی آرمی چیف کے اشتعال انگیز بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ ایٹمی ہمسایہ ملک کو جغرافیہ سے مٹانے کی دھمکی ذہنی دیوالیہ پن، جنگی جنون اور خطرناک سوچ کی مظہر ہے، پرامن بقائے باہمی کا راستہ اختیار کرے۔ بھارتی آرمی چیف نے انٹرویو میں کہا تھا کہ پاکستان کو فیصلہ کرنا ہے کہ وہ جغرافیہ اور تاریخ کا حصہ بننا چاہتا ہے یا نہیں۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ہندوتوا کے زیر اثر بھارت میں پائے جانے والے وہم، خوش فہمی اور پاکستان کے خلاف ہمہ وقت موجود بدخواہی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

گورنر فیصل کریم کنڈی نئے وزراء سے حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی بھی موجود ہیں

خیبر پختونخوا کابینہ کے نئے اراکین نے حلف اٹھالیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کابینہ کے نئے اراکین نے حلف اٹھالیا۔ گورنر ہاؤس پشاور میں منعقدہ حلف برداری تقریب میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبائی کابینہ کے نئے اراکین سے حلف لیا۔ یاد رہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

KP گورنر سے وزیراعلیٰ کی ملاقات، گندم، CNG بحران کا معاملہ اٹھایا

پنجاب راہداری دے تو سندھ سے گندم حاصل کی جا سکتی، صوبائی حکومت دینے پر آمادہ ہے، فیصل کنڈی

چیف سیکرٹری کو دیگر صوبوں کی پولیس کو دی جانیوالی تنخواہوں اور مراعات کا جائزہ لے کر سفارشات تیاری کی ہدایت

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی، جس میں امن و امان، سی این جی اسٹیشنز کی بندش اور پنجاب سے گندم کی ترسیل سمیت اہم صوبائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

سود سے پاک نظام معیشت کیلئے ناگزیر، فضل الرحمان

آئی ایم ایف کے بجائے ملکی وسائل پر انحصار کیا جائے، سربراہ جے یو آئی

کراچی (بیورو رپورٹ) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن نے پاکستان کے معروف بزنس مین اور عارف حبیب گروپ کے چیئرمین سے ملاقات کی جس میں پاکستان کے معاشی حالات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ عارف حبیب کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے اعزاز میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

کراچی: مولانا فضل الرحمان جے یو آئی اقلیتی ونگ سندھ کی استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر مملکت سے متعلق باتیں ڈس انفارمیشن، گیلانی

جامعات کو ٹیکنالوجی انکیوبیٹرز بننا ہوگا، یونیورسٹی آف لاہور میں خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ یہ کہنا کہ صدر مملکت جا رہے ہیں صرف ڈس انفارمیشن ہے، جب 28 ویں ترمیم کی تجاویز سیاسی جماعتوں کے پاس آئیں گی تو وہ اس پر فیصلہ کریں گی، نوجوان ہمارا روشن مستقبل ہیں، تحقیق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کو ریکٹر یونیورسٹی آف لاہور سوینیئر پیش کر رہے ہیں

ذی الحج کا چاند نظر آگیا، پاکستان، سعودیہ میں ایک ساتھ 27 مئی بروز بدھ عید

چیئرمین عبدالخبیر کی زیر صدارت کراچی میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی، لاہور، کوئٹہ، پشاور میں ذیلی کمیٹیوں کے اجلاس

سعودیہ میں سپریم کورٹ نے چاند نظر آنے کا اعلان کیا، انڈونیشیا، تیونس اور ترکیہ میں بھی 27 مئی کو عید کا اعلان

اسلام آباد، ریاض (ممتاز نیوز) مرکزی رویت ہلال کمیٹی نے عیدالاضحیٰ کا چاند نظر آنے کا اعلان کردیا جس کے مطابق عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق رویت ہلال کمیٹی کا کراچی محکمہ موسمیات میں اجلاس چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اسی طرح زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس صوبائی ہیڈ کوارٹرز لاہور، کوئٹہ اور پشاور میں منعقد ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

ملک میں 10 ہزار سے زائد نئی کمپنیاں رجسٹرڈ

غیر ملکی سرمایہ 218 فیصد بڑھ گیا، ایس ای سی پی

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک میں رواں سال فروری سے اپریل تک 10 ہزار سے زائد کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے اعداد و شمار جاری کیے ہیں جس کے مطابق فروری سے اپریل کے دوران 10 (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

بجلی صارفین سے 9 روپے فی یونٹ ٹیکس وصولی کا انکشاف

ٹیکسز کے ذریعے حکومت سالانہ 900 ارب سے زائد کا ٹیکس جمع کر رہی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) بجلی کے صارفین پر اضافی مالی بوجھ سے متعلق ایک اہم انکشاف سامنے آیا ہے جس کے مطابق فی یونٹ بجلی پر تقریباً 9 روپے تک مختلف ٹیکسز کی مد میں وصول کیے جا رہے ہیں۔ نجی ٹی وی نے دستاویزات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ بجلی کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

بلوچستان میں عوامی مقامات پر چہرہ ڈھانپنے پر پابندی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان حکومت نے صوبے بھر میں دفعہ 144 کے تحت ایک ماہ کیلئے پابندیاں نافذ کر دی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

پنکی اپسٹین فائلز کا پاکستانی ورژن ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ڈرگ ڈیلر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

بجٹ حجم 17 ہزار ارب، پیٹرول، ڈیزل پر سبسڈی ختم کا فیصلہ

وفاقی بجٹ میں 860 ارب کے اضافی ٹیکس، آئی ایم ایف کی GST مد میں اضافی 2 ہزار ارب اکٹھے کرنے کی تجویز

حکومت نے عالمی مالیاتی ادارہ کو سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرنے کی یقین دہانی بھی کروادی، رپورٹ

اسلام آباد (وقائع نگار) آئندہ مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ کا مجموعی حجم 17 ہزار ارب روپے سے زیادہ رکھے جانے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کو آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں 860 ارب روپے کے اضافی ٹیکس اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کروادی گئی ہے جبکہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر پٹرول اور ڈیزل پر سبسڈی بھی بند کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی جانب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

سیلاب، گرمی غریب طبقات کیلئے تباہ کن، مصدق ملک

کچی آبادیاں محض پالیسی اصطلاح نہیں بلکہ لاکھوں افراد کی حقیقت ہیں

سستی رہائش بنیادی حق، شہری منصوبہ بندی میں انصاف ضروری، خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی، غربت اور رہائشی ناانصافی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے مسائل ہیں، سیلاب چند دنوں میں دو نسلوں کی محنت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ورلڈ اربن فورم 13 میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے محفوظ اور مضبوط شہر اور کمیونٹیز کے موضوع (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

باکو، وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک ورلڈ اربن فورم 13 میں شریک ہیں



عیدالاضحیٰ، موٹرویز پر جانوروں سے لدی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد

فیصلہ عیدالاضحیٰ کے دوران عوامی تحفظ اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے کیا گیا، مویشی گاڑیوں کو متبادل راستوں پر منتقل کیا جائے گا

اوورلوڈ گاڑیاں حادثات کا سبب بن سکتی ہیں، موٹروے پولیس، منڈیوں اور انٹرچینجز کے قریب غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کارروائی کا حکم

اسلام آباد (ممتاز نیوز) موٹرویز پر جانوروں سے لدی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق عیدالاضحیٰ کے دوران عوامی تحفظ اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کے لیے فیصلہ کیا گیا، اوورلوڈ اور غیرفٹ گاڑیاں سنگین حادثات کا سبب بن سکتی ہیں۔ موٹروے پولیس کے مطابق جانوروں سے لدی گاڑیوں کو متبادل اور محفوظ راستوں پر منتقل کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق موٹرویز پر جانوروں سے لدی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق عیدالاضحیٰ کے دوران عوامی تحفظ اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کے لیے فیصلہ کیا گیا، اوورلوڈ اور غیرفٹ گاڑیاں سنگین حادثات کا سبب بن سکتی ہیں۔ موٹروے پولیس کے مطابق جانوروں سے لدی گاڑیوں کو متبادل اور محفوظ راستوں پر منتقل کیا جائے گا پنجاب اور خیبرپختونخوا پولیس کو انٹری پوائنٹس پر چیک پوسٹس قائم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس نے کہا کہ مویشی منڈیوں اور انٹرچینجز کے قریب غیرقانونی پارکنگ کے خلاف کارروائی کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اے ڈی ڈویلپمنٹ اینڈ پلاننگ، اکاؤنٹس آفیسرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بڑی تعداد میں شہری عید کی خریداری کرنے میں مصروف ہیں

GB، ق لیگ نے 11 امیدواروں کو ٹکٹ جاری کردیئے

ٹکٹ پارلیمانی بورڈ کی منظوری سے جاری ہوئے، ترجمان مصطفیٰ ملک

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) گلگت بلتستان انتخابات کیلئے پاکستان مسلم لیگ (ق) نے 11 امیدواروں کو ٹکٹ جاری کردیئے۔ ترجمان مسلم لیگ مصطفیٰ ملک کا کہنا ہیکہ چیئرمین پارلیمانی بورڈ چوہدری سالک حسین کی منظوری سے گلگت بلتستان اسمبلی کے امیدواروں کو ٹکٹ جاری ہوئے، پارلیمانی بورڈ کے اراکین طارق حسن، ڈاکٹر محمد امجد، ملک شمین، کامران عثمانی، نیاز خاصخیلی نے گلگت سکردو کا دورہ بھی کیا۔ مصطفیٰ ملک کے مطابق صوبائی صدر دلفراز خان نے مرکزی قیادت کو گلگت بلتستان کی تیاریوں کے متعلق آگاہ کیا۔ گلگت، نگر، ہنزہ، سکردو، استور، دیامر، غذر اور گانچھے سے پاکستان مسلم لیگ کے امیدوار میدان میں آگئے، جی بی اے 1 گلگت ون سے دل فراز خان امیدوار نامزد کئے گئے ہیں۔ ترجمان مسلم لیگ مصطفیٰ ملک کے مطابق جی بی اے 2 سے عاصم خان، جی بی اے 3 گلگت تھری سے محمد شریف، جی بی اے 5 نگر ون سے عابد حسین، جی بی اے 6 ہنزہ ون سے خاتون امیدوار خوشنور دیدار اور جی بی اے 8 سکردو ٹو سے کیپٹن محمد سکندر علی امیدوار نامزد ہوئے ہیں۔ ترجمان مسلم لیگ مصطفیٰ ملک کا کہنا ہے کہ جی بی اے 12 شگر ون سے کیپٹن (ر) مہدی خان، جی بی اے 14 استور ٹو سے غضنفر اکرم خان، جی بی اے 15 دیامر ون سے نور الحق حب الحق خان، جی بی اے 19 غذر ون سے شیر عالم

راولپنڈی، 2 شراب سپلائر گرفتار، 215 بوتل شراب

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس نے 2 شراب سپلائر گرفتار کرکے 215 بوتل شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 شراب سپلائر کو گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد سے 215 بوتل شراب برآمد ہوئی کلر سیداں پولیس کو اطلاع موصول ہوئی کہ زیرحراست افراد اپنے مخصوص گاہکوں کو شراب سپلائی کررہے ہیں، کلر سیداں پولیس نے 2 افراد کو حراست میں لیکر شراب برآمد کرلی۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے موثر انتظامات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس نے موثر سکیورٹی انتظامات کئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سکیورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس نے موثر سکیورٹی انتظامات کیے، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ عبادت کے لیے آنے والے افراد کی سکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا گیا، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

فجر	4:30	طلوع آفتاب	5:05
ظہر	1:30	عصر	5:30
مغرب	7:03	عشاء	9:00

موسم

پیر کے روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک جبکہ جنوبی/وسطی علاقوں میں شدید گرم رہے گا۔ تاہم شام/رات کے اوقات میں بالائی گلگت بلتستان، کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکس 5 فیصد کم کیا جائے، FPCCI

9 فیصد سرچارج بھی ختم کیا جائے، تجاویز وزارت خزانہ کو ارسال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے بجٹ 27-2026 کے لیے تجاویز وزارت خزانہ کو ارسال کردیں۔ ایف پی سی سی آئی کی جانب سے وزارت خزانہ کو بھیجی گئی بجٹ تجاویز میں کہا گیا کہ تنخواہ دار طبقے پر انکم ٹیکس کی شرح 5 فیصد کم کرکے 35 فیصد سے 30 فیصد کی جائے جبکہ تنخواہ دار طبقے پر 9 فیصد سرچارج کو ختم کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے نئے مالی سال کے بجٹ میں سپر ٹیکس کو مکمل طور پر ختم کرنے کی تجویز بھی دی ہے اور برآمدات میں اضافے کیلئے گڈز ایکسپورٹرز کیلئے فائنل ٹیکس رجیم بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ ایف پی سی سی آئی نے آئی ٹی شعبے پر عائد 25 فیصد برآمدی ٹیکس کی شرح کو 2035 تک برقرار رکھنے، ایس ایم ای ٹرن اوور کی حد 25 کروڑ سے بڑھا کر 50 کروڑ کرنے اور مینوفیکچررز کے لیے انکم ٹیکس کی شرح کو 29 سیکم کرکے 20 فیصد کرنے کی تجویز بھی دی ہے۔

ملکی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دی جائیگی، ملک سجاد

فوج سے منسوب ہر قسم کی نفرت انگیز مہم کو مسترد کرتے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما وسابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ ملکی سالمیت سے بڑھ کر ہمیں کچھ عزیز نہیں، مسلم لیگ (ن) نے اقتدار سنبھالنے کے بعد دوست ممالک سے تعلقات بحال کئے، ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کی عملی جدوجہد کی اور عوام کو ریلیف کی خاطر مربوط اقدامات اٹھائے، ملکی سالمیت ہماری اولین ترجیح ہے، انشاءاللہ ملکی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف وطن پر لہو نچھاور کرنے والے قوم کے عظیم بیٹے ان کے عظیم اہل خانہ اور محب وطن عوام ہیں اور دوسری طرف نفرت کی آگ میں سلگتے وہ کردار ہیں جن کے دل میں ریاستی مفادات کا کوئی درد اور احساس نہیں، سیاسی لبادہ اوڑھے شرپسندوں نے جس طرح سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا گیا اور سول وفوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا وہ ان کی ملک دشمنی کا ثبوت ہے جس سے ملک کی جگ ہنسائی ہوئی اور ملک دشمن قوتوں کو پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کا موقع ملا۔

بزرگ محنت کش مقامی پارک میں خاندان کا پیٹ پالنے کیلئے غبارے فروخت کررہا ہے

اسلام آباد میں مارگلہ کی پہاڑیوں پر خوفناک آگ بھڑک اٹھی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں مارگلہ کی پہاڑیوں کے دو مختلف مقامات پر اچانک آگ بھڑک اٹھی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں مارگلہ کی پہاڑیوں کے دو مختلف مقامات پر اچانک آگ بھڑک اٹھی ہے، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے وسیع رقبے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آگ مارگلہ کی پہاڑی سنگھیال کے علاقے میں لگی ہوئی ہے، اور پہاڑیوں سے اٹھتا ہوا سیاہ دھواں دور دور سے واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔

ایم فل اور پی ایچ ڈی داخلوں کیلئے جی آر ای، ایچ اے ٹی ٹیسٹ لازمی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فال 2026 سے ایم فل اور پی ایچ ڈی داخلوں کیلئے جی آر ای، ایچ اے ٹی ٹیسٹ لازمی قرار دے دیا گیا، ہائرایجوکیشن کمیشن نے گریجویٹ داخلوں کیلئے نیا یکساں ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کروادیا۔ چیئرمین ایچ ای سی نیاز احمد اختر کے مطابق ایچ ای سی نے پوسٹ گریجویٹ پروگرامز کے داخلوں کی پالیسی میرٹ بیسڈ کردی، ایچ ای سی نے ہائرایجوکیشن کیلئے نئی داخلہ پالیسی متعارف کروادی۔ سرکاری اور نجی جامعات میں داخلے صرف جی آر ای، ایچ اے ٹی اسکور پر ہوں گے، فال 2026 سے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مرکزی ٹیسٹ لازمی قرار دیا گیا ہے۔

سی ٹی او کا اسلام آباد کے مختلف ناکہ جات کا دورہ

ڈیوٹی امور اور سہولیات کا جائزہ لیا، ترقیاتی کاموں کا بھی معائنہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے مختلف ناکہ جات کا دورہ کرکے ڈیوٹی امور اور سہولیات کا جائزہ لیا، ناکہ جات کی تزئین وآرائش، صفائی ستھرائی اور جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو معیار مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و اہلکاروں کی کارکردگی، ڈیوٹی امور، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مجموعی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، اس موقع پر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے، سی ٹی او اسلام آباد نے مختلف ناکہ جات پر جاری تزئین وآرائش، صفائی ستھرائی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی کاموں کا معائنہ بھی کیا، انہوں نے ناکہ جات پر سائن بورڈز، روشنی کے انتظامات اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے کیے گئے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔

پاکستان جارحیت کی بجائے امن کا خواہاں ہے، شاہدہ قدیر

بھارت نے جارحیت کی تو پاکستان کبھی خاموش نہیں بیٹھے گا، بیان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سنیئر رہنما شاہدہ قدیر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص پاکستان کی عسکری فتح کا علمبردار ہے، ہر سال پاکستانی قوم یہ دن منا کر بھارت سمیت پوری دنیا کو یہ پیغام دے گی کہ پاکستان اپنی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دے گا اور جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کرنے والوں کو نشان عبرت بنانے میں دیر نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں سے ثابت کیا ہے کہ وطن عزیز کا دفاع محفوظ ہاتھوں میں ہے، ہمیں اپنی عسکری قیادت پر فخر ہے جو آنکھ پاکستان کی طرف اٹھے گی وہ نکال دی جائے گی، دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے، دفاع وطن کیلئے پاکستان کا ہر فرد سربکف مجاہد ہے۔ مسلم لیگی رہنما شاہدہ قدیر نے مزید کہا کہ پاکستان جارحیت کے بجائے امن کا خواہاں ہے مگر انڈیا کی طرف سے کی گئی جارحیت پر خاموش نہیں بیٹھے گا، آپریشن بنیان المرصوص کے تحت بھارت کو دیا گیا بھرپور جواب اسے ہمیشہ یاد رہے گا آئندہ بھی انڈیا کی طرف سے کی گئی ہر ناپاک جسارت کا پاکستانی عوام پاک فوج کے ساتھ مل کر ایسا منہ توڑ جواب دیں گے کہ بھارتی فوج کبھی بھلا

راولپنڈی، بٹیروں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 7 افراد گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ چکری پولیس نے بٹیروں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 7 افراد گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 97 ہزار 500 روپے، 6 موبائل فون اور 3 بٹیرے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بٹیروں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 7 افراد کو گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد سے داؤ پر لگی رقم 97 ہزار 500 روپے، 6 موبائل فون اور 3 بٹیرے برآمد ہوئے، چکری پولیس نے مقدمہ درج کرکے گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے۔

معمولی تلخ کلامی پر خاتون اور بیٹے پر تشدد کرنے والے دو افراد گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھی کے ہمراہ تشدد کرکے خاتون اور انکے بیٹے کو زخمی کرنے والے دو افراد گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند روز قبل معمولی تلخ کلامی پر ساتھی کے ہمراہ تشدد کرکے خاتون اور انکے بیٹے کو زخمی کرنے والے دو افراد کو گرفتار کرلیا، رتہ امرال پولیس نے مقدمہ درج کرکے گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد کے ایک ساتھی کو قبل ازیں گرفتار کیا جاچکا ہے۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیرحراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

منشیات نے زندگی کو مفلوج کرکے رکھ دیا، آنسہ فلک

وبا تیزی سے پھیل رہی، منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرنا ہوگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) معروف یوتھ سماجی رہنما آنسہ فلک نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ منشیات ایک ایسی لعنت ہے جو انسان کو تنہائی اور مایوسی کی گہری دلدل میں دھکیل دیتی ہے یہ نہ صرف جسمانی اور ذہنی صحت کو تباہ کرتی ہے بلکہ سماجی رشتوں، عزت اور زندگی کے مقاصد کو بھی ختم کردیتی ہے، نشہ انسان کی عقل کھا جاتی ہے، نشہ انسان کو دین اور دنیا سے غافل کردیتا ہے اور پھر ہلاکت اور تباہی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے منشیات کے استعمال کی وبا بڑی تیزی سے پھیل رہی ہے، مردوں کے ساتھ ساتھ یہ مرض خواتین اور نوعمر بچوں میں بھی پائی جانے لگی ہے، منشیات جرم ہے، منشیات لوگوں کی زندگیوں کو جسمانی، ذہنی، اخلاقی اور روحانی طور پر تباہ کرتی ہے۔ معروف یوتھ سماجی رہنما نے مزید کہا کہ دور حاضر کا سب سے بڑا اور عظیم ترین المیہ منشیات ہے جس نے زندگی کو مفلوج کردیا ہے، نشہ آور لوگ اپنی جان کے دشمن اور اپنے رب کے ایسے ناشکرگزار بندے ہوتے ہیں جو اللہ کی عطا کردہ زندگی کی قدر کرنے کے بجائے اسے برباد کرنے پر تلے رہتے ہیں اور منشیات فروش ملک وملت کے دشمن ہیں جو نوجوان نسلوں کو تباہ کرکے ملک وملت کی بنیادیں کھوکھلی کررہے ہیں، حکومت منشیات کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کا اعلان کرے۔

ہنرمند روایتی طریقے سے کھڈی پر قالین تیار کررہا ہے

قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے، فرح ناز اکبر

یوم معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص قومی امنگوں کا ترجمان ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر ورکن قومی اسمبلی ووفاقی پارلیمانی سیکرٹری قومی ورثہ و ادب فرح ناز اکبر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے غیور عوام حکومت اور افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے، افواج پاکستان ملکی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے جس نے 1965ء میں دشمن ملک بھارت کو شکست سے دوچار کیا اور مئی 2025ء میں دشمن کو منہ توڑ جواب دینے سمیت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرکے ملک دشمن عناصر کی بیخ کنی کی مضبوط فوج کے بغیر کسی ریاست کا تصور ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج ملکی سالمیت کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے جذبے سے سرشار ہیں جس کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور قابلیت ہی کا نتیجہ ہے کہ دشمن قوتیں پاکستان پر جارحیت کا ارتکاب کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکیں۔

راولپنڈی پولیس کا جرائم شرح میں نمایاں کمی کا دعویٰ

ڈکیتی میں 86 فیصد، اندھے قتل مقدمات میں 75 فیصد کمی ریکارڈ

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رواں سال کے پہلے چار ماہ کے دوران راولپنڈی پولیس کی بہترین حکمت عملی وکارکردگی، سال 2023، سال 2024 اور سال 2025 کی طرح سال 2026 میں بھی جرائم کی شرح میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق رواں سال کے پہلے چار ماہ کے دوران راولپنڈی پولیس کی بہترین حکمت عملی و کارکردگی، سال 2023، سال 2024 اور سال 2025 کی طرح سال 2026 میں بھی جرائم کی شرح میں نمایاں کمی ریکارڈ، ڈکیتی کے مقدمات میں گزشتہ سال کے پہلے چار ماہ کی نسبت 86 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، رواں سال اندھے قتل کے مقدمات میں گزشتہ سال کے پہلے چار ماہ کی نسبت 75 فیصد جبکہ قتل کے مقدمات میں 32 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، راہزنی کے مقدمات میں گزشتہ سال کے پہلے چار ماہ کی نسبت 70 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں گزشتہ سال کے پہلے چار ماہ کی نسبت 35 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

رضا رفیق اسلام آباد ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

ٹیکسلا (نمائندہ ممتاز) رضا رفیق اسلام آباد ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے صدر اور غلام مصطفیٰ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے رضوان الحق اور پاکستان ٹیبل ٹینس فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری اعجاز علی کی زیرنگرانی منعقد ہونے والے ان انتخابات کے نتائج کے مطابق انجینئر مسعود عالم کو چیئرمین، رضا رفیق کو صدر جبکہ غلام مصطفیٰ کو جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا ہے۔ نئی باڈی کے قیام کو وفاقی دارالحکومت میں ٹیبل ٹینس کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ اعلان کردہ فہرست کے مطابق نعیم شوکت سینئر نائب صدر، سیف الرحمان ڈپٹی صدر جبکہ کاشف شہزاد، شازیہ، خرم حسن اور محمد شفیق کو نائب صدور مقرر کیا گیا ہے۔ محمد فاروق خزانچی اور ارشد کیانی میڈیا کوآرڈینیٹر کے فرائض انجام دیں گے۔

راولپنڈی، کمیٹی چوک ہفتہ وار بازار سے شہری سبزی خرید رہے ہیں

DIG کا اردل روم، پولیس افسران کے مسائل سنے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد نے اردل روم کے دوران پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے پولیس افسران کو فوری احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اسلام آباد پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں آپریشنز ڈویژنز کے پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل ڈی آئی جی اسلام آباد کے سامنے رکھے، انہوں نے سنگین نوعیت کے معاملات پر سینئر پولیس افسران کو ازسرنو انکوائریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

راولپنڈی؛ 18 افراد گرفتار، بھاری منشیات، اسلحہ برآمد

چونترہ اور بنی سے پکڑے گئے ملزمان سے 4 کلو چرس برآمد ہوئی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں مختلف کارروائیوں میں 18 افراد گرفتار، بھاری منشیات، اسلحہ برآمد تفصیلات کے مطابق چونترہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 750 گرام چرس برآمد کی، گنجمنڈی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 500 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 194 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ دیگر مختلف کارروائیوں میں 15 ملزمان کو گرفتار کرکے 100 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، وارث خان، سٹی، مندرہ، کہوٹہ، نیوٹاؤن، صدر بیرونی، دھمیال اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔

امن وامان؛ IG اسلام آباد اور DIG سکیورٹی کی میٹنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق سے میٹنگ میں وفاقی دارالحکومت میں مجموعی سکیورٹی صورتحال، اہم تنصیبات کی حفاظت، ریڈ زون ڈیوٹی مینجمنٹ اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق سے اہم میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، اہم سرکاری وحساس تنصیبات کی حفاظت، ریڈ زون میں سکیورٹی ڈیوٹی مینجمنٹ، داخلی وخارجی راستوں کی نگرانی اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

نواب ملک عطا محمد خان کو ہلال امتیاز، اٹک میں خوشی کی لہر

اسلام آباد (پ ر) تحصیل پنڈی گھیب موضع ڈھلیال کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت حاجی شراف خان، حاجی مرزا خان، صوبیدار اشرف، بلال مرزا نے فخر اٹک نواب ملک عطا محمد خان کو حکومت کی جانب سے قومی اعزاز ہلال امتیاز عطا کرنے پر فخر اٹک ملک سعید محمد حسان، نوابزادہ چودھری شیر علی خان، ملک محمد علی خان، ملک آیان خان، کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں حاجی شراف خان نے کہا کہ نواب ملک عطا محمد خان نے عالمی سطح پر ملکی ثقافت کو بھرپور طریقے سے اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ نواب ملک عطا محمد خان کی ملک میں نیزہ بازی، گھڑسواری کے فروغ کے لیے خدمات قابل ستائش ہیں۔

کامسیٹس یونیورسٹی کی ایکریڈیشن تاحال تاخیر کا شکار

لاہور کیمپس کے شعبہ فارمیسی کے طلباء کو شدید مشکلات کا سامنا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کے لاہور کیمپس کے شعبہ فارمیسی کی ایکریڈیشن تاحال تاخیر کا شکار ہوگئی جس کے باعث طلباء شدید پریشانی میں مبتلا ہوگئے، 2024 اور 2025 میں دو بیچ فارغ التحصیل ہوچکے ہیں تاہم فارمیسی کونسل آف پاکستان کی جانب سے ابھی تک گریجویٹس کو لائسنس جاری نہیں کیے جاسکے۔ ذرائع کے مطابق فارمیسی کونسل پاکستان نے 2018 میں این او سی جاری کیا تھا جبکہ شعبہ فارمیسی میں پہلی مرتبہ داخلے 2019 میں کیے گئے۔ طلبہ کا موقف ہے کہ یونیورسٹی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی جانب سے یقین دہانیاں کروائی جاتی رہیں، مگر پانچ سال مکمل ہونے اور ڈگری حاصل کرنے کے باوجود لائسنس کے اجرا میں پیش رفت نہ ہوسکی۔ متاثرہ طلبہ نے کہا کہ انہوں نے اپنی تعلیم پر لاکھوں روپے خرچ کیے۔

اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ افراد کیخلاف متحرک

مئی کے پہلے دس دنوں میں 506 ملزمان گرفتار، اشتہاری بھی شامل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے ماہ مئی کے پہلے دس دنوں میں منشیات فروشوں، اشتہاری اور غیرقانونی اسلحہ رکھنے والے 506 ملزمان گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات واسلحہ برآمد کیا، جبکہ 107 سرچ آپریشنز اور 87 کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر، سابقہ ریکارڈ یافتہ اشتہاری مجرمان، غیرقانونی اسلحہ رکھنے والوں اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے ماہ مئی 2026 کے پہلے دس دنوں کے دوران 506 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے مختلف خصوصی کارروائیاں عمل میں لائیں۔

طالبہ سڑک کنارے لگے سٹال سے پرانی کتابیں خرید رہی ہے

روزنامہ
THE DAILY MUMTAZ
ممتاز
بانی: عبداللہ بٹ
پیر،18 مئی،2026،یکم ذی الحج،1447ھ
www.dailymumtaz.com
051-8437994-3
051-8357772

بھکر، کار درخت سے ٹکرا گئی، دو افراد جاں بحق

پانچ افراد زخمی، لاشیں اور زخمی ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل

بھکر (نمائندہ ممتاز) ڈرائیور کو نیند آ گئی، کار درخت سے جا ٹکرائی، 2 افراد موقع پر جاں بحق اور 5 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دریا خان کے نزدیک ایم ایم روڈ پر کار حادثہ کا شکار ہو گئی جس کے باعث 2 افراد 14 سالہ ریحان اور 35 سالہ کامران موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ 5 افراد 40 سالہ خالدہ بی بی، 12 سالہ سفیان، 30 سالہ عثمان کھوکھر، 49 سالہ خالد حسین اور 12 سالہ ریان زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو کی ایمبولینس اور امدادی ٹیم موقع پر پہنچی، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال بھکر منتقل کیا۔

لیہ، گیس لیکیج سے آتشزدگی

3 خواتین جھلس گئیں

لیہ (نمائندہ ممتاز) فتح پور وارڈ نمبر 7 میں گیس سلنڈر کی لیکیج سے آگ بھڑک اٹھی جس کی لپیٹ میں آ کر 2 سالہ بچی سمیت 3 خواتین جھلس گئیں۔ ذرائع کے مطابق آگ کی لپیٹ میں آنے والی متاثرین میں 2 سالہ فاطمہ، 29 سالہ مقدس اور 50 سالہ شاہدہ شامل ہیں۔

افواج پاکستان ملکی سلامتی کی ضامن، چوہدری جعفر اقبال

ملک کیخلاف سازشیں کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، بیان

اداروں پر الزام تراشی کرنے والے محب وطن نہیں، بیگم عشرت اشرف

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی و سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال و رکن صوبائی اسمبلی عشرت اشرف نے اپنے جاری مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ افواج پاکستان ملکی سلامتی کی ضامن ہے جس نے ہمیشہ پاکستان کے عوام کی ہر مصیبت کے وقت میں اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر مدد کی چاہے وہ قدرتی آفات ہوں یا ملک کو درپیش سیکورٹی مسائل ہوں ہر موقع پر افواج پاکستان کا کردار نمایاں اور کلیدی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج کو بے توقیر کرنے کی سازشیں کرنے والے اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، پوری پاکستانی قوم پاک فوج کی پشت پر کھڑی ہے، پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے والوں نے اداروں پر الزام تراشی کا وطیرہ بنالیا ہے ان کی اس مذموم روش کو ختم کرنے کیلئے اعلیٰ عدلیہ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مسلم لیگی رہنما چوہدری جعفر اقبال نے مزید کہا کہ کسی بھی ملک کی فوج اس کے تحفظ کی ضمانت ہوتی ہے اور جو لوگ ملک فوج کو نشانہ بنا رہے ہیں وہ کسی بھی طور محب وطن نہیں ہو سکتے۔

سعودی عرب، 11 ہزار 272 غیر قانونی تارکین ملک بدر

ریاض (فارن ڈیسک) سعودی عرب میں ایک ہفتے کے دوران اقامہ، لیبر اور سرحدی قانون کی مزید 9 ہزار 576 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں جبکہ 11 ہزار 272 غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیجا گیا۔ عرب ٹی وی نے وزارت داخلہ کی رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ 7 سے 13 مئی 2026 کے درمیان مجموعی طور پر 4 ہزار 865 افراد کو اقامہ قانون، 3 ہزار 319 کو غیر قانونی سرحد عبور کرنے کی کوشش اور ایک ہزار 392 کو قانون محنت کی خلاف ورزی پر حراست میں لیا گیا۔ غیر قانونی طور پر سعودی عرب میں داخل ہونے کی کوشش پر ایک ہزار 403 افراد کو حراست میں لیا گیا۔

عہدہ نہیں، ریاستی قرض اتارنا چاہتا ہوں

فیصل ممتاز راٹھور

گزشتہ ساٹھ سالوں میں اس ریاست کو معاشی لحاظ سے جہاں ہونا چاہیے تھا آج وہ وہاں نہیں، موقع ملا تو دو سال میں مضبوط ترین ریاست بنائیں گے

الیکشن لڑنا اور جیتنا دل کے فیصلے، کوئی زور، زبردستی سے ووٹ نہیں لے سکتا، ریاست کی تلخیوں کو دور کر کے امن و امان کو بحال کیا، خطاب

حویلی (نمائندہ ممتاز) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر راجہ فیصل ممتاز راٹھور نے کہا ہے کہ کسی عہدے کی لالچ یا خواہش نہیں، دس بار بھی وزیر اعظم بنوں تو میرے نام کے ساتھ صرف سابق وزیر اعظم ہی لکھا جائے گا۔ میری خواہش میرے مرحوم والد کے ادھورے خواب اور قرض تھے جنہیں ادا کرنے کے لیے میں سیاست میں آیا۔ مجھ پر پوری ریاست کا قرض ہے جسے میں اتارنا چاہتا ہوں۔ گزشتہ ساٹھ سالوں میں اس ریاست کو معاشی لحاظ سے جہاں ہونا چاہیے تھا، آج وہ وہاں نہیں ہے، لیکن اب اللہ نے مجھے موقع دیا تو ان شاء اللہ اگلے دو سالوں میں میں اس مقام پر لے کر جاؤں گا کہ یہ معیشت کے اعتبار سے اس خطے کی مضبوط ترین ریاست بنے گی۔ الیکشن لڑنا اور جیتنا دل کے فیصلے ہوتے ہیں۔ زور، زبردستی یا جبر سے نہ کوئی ووٹ لے سکتا ہے اور نہ ہی کوئی ووٹ دیتا ہے۔ ہمیشہ کوشش کی کہ محبت کی ان بنیادوں کو قائم کروں جن پر ریاست کا ماحول خوشگوار ہو سکے۔ اللہ نے موقع دیا تو ریاست کی تلخیوں اور ترشیوں کو دور کر کے امن و امان کو بحال کیا۔ آئندہ بھی یہی کوشش ہوگی کہ ریاست کا ماحول مزید بہتر ہو سکے۔ ملک عبدالرشید اعوان کی خدمات اور کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونین کونسل بھیڈی گاؤں کائیاں میں ریٹائرڈ صدر معلم عبدالرشید اعوان مرحوم کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر علامہ امتیاز احمد صدیقی، ملک مختار اعوان ایڈووکیٹ، گلزار راٹھور، ملک مصطفےٰ اعوان و دیگر نے خطاب کیا اور مرحوم کی دینی، تعلیمی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3 5)

پنجاب، لینڈ یوز نظام میں اصلاحات، اہم ترامیم کا فیصلہ

لینڈ یوز پلان کے قواعد میں اہم ترامیم کی تیاری شروع کر دی گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب حکومت نے شہری ترقی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے زمین کے استعمال لینڈ یوز کے نظام میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس مقصد کے تحت لینڈ یوز پلان کے قواعد 2020 میں اہم ترامیم کی تیاری شروع کر دی گئی ہے تاکہ زمین کے استعمال کو زیادہ موثر، شفاف اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکے۔ حکام کے مطابق ان اصلاحات پر عملدرآمد کی ذمہ داری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے سیکرٹری کو سونپی گئی ہے، جو نئے قواعد کو حتمی شکل دینے اور ان کے نفاذ کو یقینی بنائیں گے۔

پی آئی اے کا مسافروں کیلئے

نیا سفری پیکیج متعارف

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے اپنے مسافروں کیلئے ایک اور نیا منصوبہ متعارف کرا دیا جس کے تحت مسافروں کو اپنی مرضی اور ضرورت کے مطابق ٹکٹ منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ پی آئی اے کی جانب سے پہلے مرحلے میں متحدہ عرب امارات اور باکو جانے والی پروازوں پر اس نئی سہولت کا آغاز کیا گیا ہے۔

سینئر صحافی الطاف حسین قریشی لاہور میں سپرد خاک

نماز جنازہ میں وفاقی وزراء عطااللہ تارڑ، احسن اقبال و دیگر شریک

لاہور (نیوز رپورٹر) سینئر صحافی، دانشور اور اردو ڈائجسٹ کے بانی الطاف حسن قریشی کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ الطاف حسین قریشی کی نماز جنازہ جامعہ اشرفیہ میں ادا کی گئی جس میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں، وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، رکن قومی اسمبلی حافظ میاں نعمان، جماعت اسلامی کے سینئر رہنما فرید پراچہ سمیت مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی اور صحافتی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مرحوم کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

افغانستان، ٹریفک حادثہ میں

5 افراد جاں بحق، ایک زخمی

کابل (فارن ڈیسک) افغانستان کے مشرقی صوبے وردک میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں پانچ افراد جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہو گیا۔ شنہوا کے مطابق صوبائی پولیس کے ترجمان یوسف اسرار نے اتوار کو بتایا کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک گاڑی مخالف سمت سے آنے والی دوسری گاڑی سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی وجہ مبینہ طور پر تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ تھی۔

Pir Mehr Ali Shah
Arid Agriculture University Rawalpindi
Murree Road Shamsabad Rawalpindi.
051-9292098, Fax 051-9292107

TENDER NOTICE

Sealed bids are invited on FOR PMAS- Arid Agriculture University main campus basis from reputable and well established firms/companies/sole proprietor/general order suppliers/persons who are authorized partners (Distributors, Resellers or have Authorized Letter from mentioned Partners of reputable national/ international companies), having well past experience, financial position, registered with Sales Tax and Income Tax Departments for:

Purchase of Miscellaneous Items for DITS

The interested bidders shall submit their bids (Soft Form "on E-PAD System" & Hard Copy in the DPIC) as lot wise comprise in single stage two envelope bidding procedure according to PPRA rule 38 (2a). The firms/companies/sole proprietor/general order suppliers/persons are requested to submit their offers with company profile and clients list with 02% Earnest Money of the estimated price in favor of Treasurer, Pir Mehr Ali Shah Arid Agriculture University, Rawalpindi, latest by 22-05-2026 by 11:00 hours in the office of the Directorate of Procurement & Inventory Control of the University. The tender will be opened on the same day at 11:30 hours in the same office, in the presence of those bidders who may wish to participate. The URL of the website of the PPRA is (https://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA. In case of official holiday on the day of submission, next day will be treated as closing date. The successful bidder to furnish a performance security/performance guarantee which shall not exceed 10% of contract price as per Punjab PPRA Rule 56 in the form and period specified in the Bidding Document. The rates must be quoted strictly in accordance with specifications of Bidding Documents valid for 90 days. The conditional tender will not be accepted. The firms/companies/sole proprietor/general order suppliers/persons have to submit along with tender bid an affidavit that the company is an active tax payer and not involved in litigation or black listed. The University may reject all bids/proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal as per PPRA Punjab rule 35, however upon bidder request the ground of rejection will be communicated to the concerned but no justification will be given as per PPRA rule 35 (2).

CHAIRMAN
(Purchase Committee)

IPL-4807

PUNJAB BUILDING DEPARTMENT
E-TENDER NOTICE

The tenders for the following schemes are invited from Engineering Firms/ Contractors on the items rates based as per PPRA E-Tendering System, In line with relevant PPRA Rules (amended upto date). According to these Rules, all the Firms/ Contractors can participate in tendering process with following terms and conditions.

i) The intending Contractors/ Firms who have valid Registration with Pakistan Engineering Council in the relevant category/ codes are eligible to participate.
ii) The Contractor/ Firms have to be Registered on Punjab PPRA website www.punjab.eprocure.gov.pk. Any information/ procedure regarding registration can be seen/ obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurements.
iii) Contractors / Bidders has to upload scanned copy of Call Deposit Receipt (CDR) @ 5% as per PPRA Rules of the estimated price of any scheduled bank and must be in the name of Executive Engineer Buildings Division Attock. Original CDR has to be submitted to the Tender Opening Committee on the same day, half hour before the opening of bids otherwise the Firm/ Contractor will be declared as non-responsive in presence of Tender Opening Committee.
iv) After filing the bids on website, Contractors may attend the office of Commissioner Rawalpindi Division Rawalpindi on **10.06.2026 at 11:00 AM**, where all bids will be retrieved and quoted rates/ successful bidders will be announced in the presence of Tender Opening Committee on the same date at **11:30 AM**.
v) In case of false information, fake CDR, the contractor will be liable to disqualify as per PPRA Rules and will not be eligible to participate in upcoming tender of C&W, Government of the Punjab. Further his case will be forwarded to PEC and PPRA for initiation of Strict Legal Action.
vi) Grievance Redressal Committee (GRC) has been constituted vide Government of the Punjab Communication & Works Department Notification No. SOB-I(C&W)3-16/2017-18 dated 31.07.2024. The Committee shall redress the complaints of the Bidders pertaining to procurement as per PPRA Rules.
vii) The procuring agency shall upon request communicate to any bidder, the grounds for its rejection of all bids or proposals, but shall not be required to justify those grounds.
viii) As per PPRA Rules 2014 Chapter-VIII (Acceptance of Bids & Award of Contracts Serial No. 56) successful bidder will furnish 10% Performance Guarantee of the Contract Amount in shape of CDR / Bank Guarantee within 15-days and will submit the original CDR / Bank Guarantee in the office of Executive Engineer Building Division Attock, otherwise Tender of the lowest bidder will stand cancelled and earnest money will be forfeited in favour of Government.
ix) As per PPRA Circular No. L&M(PPRA)10-1/2011-008595, dated. 11.10.2024, all the bidders shall be required to quote their rates against each entry / item of DNIT / BOQs (instead of percentage) and completely fill the pages of rate analysis / summary / sub summary in their financial bids. All incomplete financial bids (i.e. blank DNIT / BOQs and blank entries / pages of rate analysis / summary / sub summary etc.) shall be declared as "non-responsive" and not to be included in the competition for determination of lowest evaluated bidder.
x) No Tender will be accepted without complete Tender Documents submitted by the contractor on PPRA E-Tendering System (E-pads).
xi) The URL of the Website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of Publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Sr. #	Name of Work	Estimated Cost	Earnest Money @ 5%	T.S No & Date	Time Limit
1	Establishment of Guard Room for UVSS System in the Newly Constructed Office Building of District Election Commissioner Attock for the year 2025-26.	2.234 M	0.112 M	E.E No. 1176/D Dt. 07.05.2026	45-days
2	Establishment of School for Midwifery at DHDCs and selected THQ Hospitals One at DHDCs Attock for the year 2025-26.	13.574 M	0.679 M	E.E No.1177/D Dt. 07.05.2026	12-Months
3	M&R to main Buildings at Govt. Boys Associate College Hassanabdal	2.980 M	0.149 M	S.E No.510/D Dt. 29.04.2026	Upto 30.06.2026
4	M&R to Govt. Boys Associate College Hassanabdal (External Development)	2.983 M	0.149 M	S.E No.516/D Dt. 30.04.2026	Upto 30.06.2026
5	M&R to Govt. Boys Associate College Hassanabdal (Residences 01 to 10 = 02 Nos & 18 to 19 = 01 No)	0.600 M	0.030 M	S.E No.533/D Dt. 06.05.2026	Upto 30.06.2026
6	M&R to the Deputy Commissioner Office Attock	0.599 M	0.030 M	E.E No.1178/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
7	M&R to the Additional Deputy Commissioner (Revenue) Office Attock	0.595 M	0.030 M	E.E No.1179/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
8	M&R to the Additional Deputy Commissioner (F&P) Office Attock	0.593 M	0.030 M	E.E No.1180/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
9	M&R to the Additional Deputy Commissioner (General) Office Attock	0.598 M	0.030 M	E.E No.1181/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
10	M&R to the Assistant Commissioner Office Attock	0.596 M	0.030 M	E.E No.1182/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
11	M&R to the Sub Divisional Officer Buildings Sub Division Office Attock	0.595 M	0.030 M	E.E No.1183/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
12	M&R to the Sub Divisional Officer Buildings Sub Division Office Fatehjang	0.599 M	0.030 M	E.E No.1184/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
13	M&R to the Sub Divisional Officer Buildings Sub Division Office Hassanabdal	0.598 M	0.030 M	E.E No.1185/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
14	M&R to the Sub Divisional Officer Buildings Sub Division Office Jand	0.596 M	0.030 M	E.E No.1186/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
15	M&R to Deputy Director Development Office Attock	0.599 M	0.030 M	E.E No.1187/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
16	M&R to District Officer (CTD) Office Attock	0.595 M	0.030 M	E.E No.1188/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026
17	M&R to District Officer (CTD) Office Attock (External Development)	0.592 M	0.030 M	E.E No.1189/D Dt. 07.05.2026	Upto 30.06.2026

Name:	**Muhammad Imran**	Name:	**Imran Ali**
Designation:	Executive Engineer	Designation:	Superintending Engineer
Department:	Buildings Division Attock	Department:	Buildings Circle No. 1 Rawalpindi.
House / Street P.O:	Teen Meela Chowk Haji Shah Road Attock	House / Street P.O:	Mehrabad Main Peshawar Road
Cantonment Area:	Attock City	Cantonment Area:	Rawalpindi Cantt.
City Name with Teh&Distt:	Attock.	City Name with Teh: & Distt:	Rawalpindi.
Phone:	057-8070142	Phone:	051-9334587

Executive Engineer
Building Division
Attock

IPL-4887

Superintending Engineer
Building Circle No.1
Rawalpindi

EPADS –E-TENDERING NOTICE
"Single Stage Single Envelope"

E-Tenders are hereby invited by the Water & Sanitation Agency (WASA) Murree for the "Construction of office Building for WASA Head Quarter Murree" on the MRS 1st Bi Annual 2026, (1st January to 30th June) 2026 of MRS for District Murree through the EPADS (PPRA) (item rates along with amount calculated against each item on uploaded DNIT) by the Registered Contractors / Firms on EPADS having valid Pakistan Engineering Council (PEC) License of the respective category for the year 2025-26 and as per directions issued by the Government of Punjab, on the following terms and conditions;

1. The bidders/Firms who possess valid registration with Pakistan Engineering Council. The Contractors/Firms must have specialized experience of building construction upto the tender amount and above and **produced the copies of work order to the Tender Opening Committee before the opening of Tenders.** The Bidders / Firm who have not experience of Building Construction upto the tender amount and above would not entertained for tendering process. The Bidders / firms are eligible to participate who has following codes (BC-01,02,03), (EE-02,03,04,07), (ME-01,02,03), (CE-01, CE-10), (EE-11[i,vi], EE-11 [General Electrical Works]) and registered on EPADS / PPRA in the relevant category/codes for the year 2025-26 are eligible to participate.

2. The bidders/Firms are mandatory to be registered on Punjab PPRA website (www.punjab.eprocure.gov.pk), as to information/ procedure regarding registration of the bidders/Firms could be viewed / obtained from website www.ppra.punjab.gov.pk/www.punjab.eprocure.gov.pk/e-procurement.

3. The registered bidders / firms have to upload the bid security in the form of CDR @5% **(issued from any Schedule Bank of Pakistan)** of the estimated cost in favour of the **Deputy Director (Water Supply), WASA Murree** however original CDR is compulsory to be submitted to the tender opening committee on the opening day upto **01:00 PM** (closing time) if failed to submit original CDR within stipulated time would lead to **disqualification or non-responsiveness and action will be taken in the light Government of Punjab, Punjab Procurement Regularity Authority, S&GAD, Lahore Circular No. L&M(PPRA)10-1/2011/008596 dated 11.10.2024.**

4. The quoted rates in the bids must be item wise. Furthermore, incomplete and unfilled bids would not be entertained.

5. Currently PPRA Rules and amendments would be strictly enforced. In case of any violation of the rules and general guidelines in the bidding documents to the bidders, the contractor's bid will be rejected according to the prevailing Rules.

6. The contractors / firms must register with Punjab Revenue Authority (PRA), and have a valid Certificate for current financial year. The contractors / firms must be active Taxpayer (ALT) at the time of tendering.

7. In case of submission of any **fake information / document** such as **CDR / Receipt (will be verified from the concern bank)** the contractor / firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be blacklisted to participate in any tendering process of WASA. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm / contractor for appropriate action / blacklisting.

8. The bidders / contractors / firms may submit bids through EPADS up to **01:00 PM** on **01.06.2026**, aforesaid would be opened on same day at **02:00 PM** in presence of Tender Opening Committee in the office of Deputy Director (WS), WASA Murree, WASA Head office Plot No 10 Lower Jhika Gali Road Murree.

9. The bidders / firms / Contractors who have offered the bids would attend the office of the Deputy Director (W.S), WASA Murree, wherein the quoted rates / bids by the firms or their representatives would be retrieved and announced in presence of the Tender Opening Committee at the opening date and time.

10. The procuring agency may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of bid or proposals under PPRA Rules-2014, Chapter VI, Clause-35.

11. There must be no cutting / amendment in bid quoted by the contractor through electronic system, no telephonic / conditional tender and without Bid Security will be entertained.

12. The firms/ contractors shall be responsible for payment of all applicable taxes at the time of release of payment as admissible under the rules prescribed by the Government of the Punjab.

13. According to prevailing Rules of Finance Department, in case the amount of work exceeding **Rs.50.000 (M)**, 5% of the bid price will be applicable as Performance Guarantee in shape of Call Deposit Receipt or Bank Guarantee from any schedule bank of Pakistan in favor of Deputy Director (WS) WASA Murree in addition to Quality Assurance Security

14. As per amendment made in clause 26(A) & 30 of contract agreement & in general direction by Government of the Punjab Finance Department Notification No.RO(Tech) FD 1-2/2017, dated: 16.11.2022 in case the total tenders amount is equal to or less than 5% of the approved estimated (DNIT) amount. The lowest bidder will have to deposit **Quality Assurance Security** from the scheduled Bank equal to the amount of difference between approved DNIT amount and the quoted bid amount within 15 days of issuance of notice or within expiry period of the bid, whichever is earlier.

15. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusive from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Bid Security = 5% of Estimated Cost.

Sr. No	Name of Scheme	Estimated/ Bid Cost (In Million)	5% Bid Security (In Pak Rs.)	PEC Category	Time Limit	T.S No. & Date
1	Construction of office Building for WASA Head Quarter Murree	164.871	Rs.8,243,550/-	C-4 & Above	(12) Twelve Months	Technically Sanctioned by the Dy. Managing Director (Engg:) WASA Murree vide letter No.DMD(Engg:)/ WASA/012 dated 06.05.2026.

NOTE:-

The copy of following document must be produce to the Tender Opening Committee, before opening of tender:-

i) **Valid PEC license for current financial year.**
ii) **PRA certificate for current financial year.**
iii) **Active Taxpayer for current financial year.**

IPL-4775

Deputy Director (WS)
Water & Sanitation Agency (WASA) Murree

بقیہ جات

بقیہ 1 امریکہ تیار، ٹرمپ دھمکی

ہیں جو ممکنہ طور پر آئندہ ہفتے شروع ہوسکتے ہیں۔غیرملکی خبر رساں ادارے نے امریکی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے دعویٰ کیا گیا کہ امریکا اور اسرائیل ایران کے خلاف کارروائیوں کی اب تک کی سب سے شدید تیاریوں میں مصروف ہیں۔رپورٹ کے مطابق ممکنہ آپشنز میں ایران کے فوجی اڈوں اور انفرا اسٹرکچر پر شدید بمباری، خلیج فارس میں ایران کے اہم تیل برآمدی مرکز خارگ آئی لینڈ پر قبضہ اور جوہری مواد کو نکالنے کے لیے کمانڈوز کی تعیناتی شامل ہے۔ادھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو نام لیے بغیر دھمکی آمیز پیغام میں کہا ہے کہ یہ طوفان سے پہلے کی خاموشی ہے۔غیرملکی میڈیا کے مطابق سابق رابطے کی ویب سائٹ پر جاری تصویر میں امریکی صدر ٹرمپ کو بحری جہاز میں دکھایا گیا۔سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں ایک اور تصویر میں صدر ٹرمپ کو دکھایا گیا ہے جس میں انہوں نے امریکا کو پھر سے عظیم بنانے کے الفاظ کی حامل کیپ پہنی ہوئی ہے، دوسری طرف امریکا نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی بحالی کے لیے نئی شرائط سامنے رکھ دی ہیں جس کے تحت واشنگٹن نے تہران سے 400 کلوگرام افزودہ یورینیم حوالے کرنے کا مطالبہ کیا ہے، جب کہ جنگی نقصانات کے ازالے اور ایران کے منجمد اثاثوں کی مکمل بحالی سے بھی انکار کردیا ہے۔ایرانی خبر رساں ادارے فارس کے مطابق امریکا نے ایران کی تجاویز کے جواب میں اپنی نئی شرائط پیش کی ہیں جنہیں ایران کے لیے ناقابل قبول تصور کیا جارہا ہے۔رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ واشنگٹن کا ایران سے سب سے اہم مطالبہ 400 کلوگرام افزودہ یورینیم کی حوالگی ہے۔رپورٹ کے مطابق امریکی شرائط میں یہ بھی شامل ہے کہ ایران صرف ایک جوہری تنصیب کو فعال رکھے جب کہ امریکا نے ایران کے منجمد اثاثوں میں سے 25 فیصد رقم بھی جاری کرنے سے انکار کردیا ہے۔فارس کے مطابق امریکی شرائط میں یہ بات بھی شامل ہے کہ مختلف محاذوں پر کشیدگی اور جنگی سرگرمیوں کے خاتمے کو مذاکرات کے انعقاد سے مشروط رکھا جائے گا۔رپورٹ کے مطابق ایران نے کسی بھی ممکنہ مذاکرات کے لیے پانچ بنیادی شرائط رکھی ہیں، جن میں تمام محاذوں خصوصاً لبنان میں جنگی کارروائیوں کا خاتمہ، ایران مخالف پابندیوں کا خاتمہ، منجمد اثاثوں کی بحالی، جنگی نقصانات کا معاوضہ اور آبنائے ہرمز پر ایران کے خودمختار حق کو تسلیم کرنا شامل ہے۔ایرانی میڈیا رپورٹ کے مطابق تہران کا موقف ہے کہ اگر ایران امریکی شرائط قبول بھی کرلے تب بھی امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ممکنہ جارحیت کا خطرہ برقرار رہے گا۔رپورٹ میں بعض تجزیہ کاروں کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ امریکی تجاویز کا مقصد مذاکرات کے ذریعے وہ اہداف حاصل کرنا ہے جو واشنگٹن جنگی دباؤ کے باوجود حاصل نہیں کرسکا۔تاہم ان شرائط کے حوالے سے فی الحال صرف ایرانی میڈیا نے رپورٹ کیا ہے، امریکی حکام کی جانب سے فوری طور پر کوئی اعلان یا ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔علاوہ ازیں ویانا میں بین الاقوامی تنظیموں میں روس کے مستقل مندوب Mikhail Ulyanovn نے ایران پر دوبارہ حملے شروع کرنے کی تجویز پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ایران پر دوبارہ حملے شروع کرنے کا مطلب ہوگا امریکا اور اسرائیل نے ماضی کی غلطیوں سے کچھ نہیں سیکھا۔نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل ایران پر دوبارہ حملوں کی تیاری کررہے ہیں۔Mikhail Ulyanovn نے چینی وزیر خارجہ کے اس موقف کی مکمل تائید کی کہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے مکمل جنگ بندی کی جائے۔

بقیہ 2 ایران ردعمل

ردعمل دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ کسی بھی نئی حماقت کا جواب مزید شدید حملوں کی صورت میں دیا جائے گا۔بریگیڈیئر جنرل ابوالفضل شکارچی نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کی ناکامی کے بعد اگر وہ اپنی ہیکی مٹانے کے لیے کوئی نیا اقدام اٹھاتا ہے تو اس کا نتیجہ ایران کی جانب سے مزید سخت اور تباہ کن حملوں کی صورت میں نکلے گا۔انہوں نے کہا کہ اگر امریکی صدر کی دھمکیاں عملی شکل اختیار کرتی ہیں اور ایران کے خلاف کوئی نئی جارحیت کی جاتی ہے تو امریکا کے مفادات اور اس کی فوج کو غیر متوقع اور شدید ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ایران نے آبنائے ہرمز میں بحری سرگرمیوں کو منظم کرنے کے لیے نیا میکنزم تیار کرلیا۔ایران نے اعلان کیا ہے کہ اب دشمن ممالک کے فوجی ہتھیاروں اور عسکری سازوسامان کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ایران کے پہلے نائب صدر محمد رضا عارف نے اپنے بیان میں کہا کہ ماضی میں ایران نے آبنائے ہرمز پر اپنی خودمختاری کے حق میں نرمی اختیار کی تھی اور ایسے فوجی سامان کو گزرنے دیا جاتا تھا جو بعد میں ایران کے خلاف استعمال ہوتا تھا، تاہم اب ایسا دوبارہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایران اب اپنی قومی سلامتی اور علاقائی مفادات کے تحفظ کیلئے سخت اقدامات کرے گا اور کسی بھی ایسے فوجی سامان کی ترسیل برداشت نہیں کی جائے گی جو دشمن قوتوں کے مفاد میں ہو۔

بقیہ 3 نقوی ملاقات

صدر سے ملاقات 90 منٹ جاری رہی، ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور علاقائی امن کے لیے ثالثی کی کوششوں پر تبادلہ خیال ہوا۔ایرانی میڈیا کے مطابق محسن نقوی کی ایرانی صدر سے صدارتی محل میں ملاقات میں ایرانی وزیرخارجہ عراقچی بھی موجود تھے۔

بقیہ 4 مہنگائی

سبزیاں، پھل اور کھانے پینے کی دیگر چیزوں کی قیمتوں میں اضافے کے بعد شہری شدید مشکلات کا شکار ہوگئے ہیں۔شہریوں نے حکومت سے مہنگائی میں کمی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ماہانہ 11 ہزار سے 18 ہزار روپے کا اضافی بوجھ پڑا ہے۔

بقیہ 5 شہید

دوران 60 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے۔

بقیہ 6 مریم نواز

۔خارجی، دفاعی اور دیگر شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں باہمی تعاون کی اہمیت اور تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے مضبوط امکانات پر بھی روشنی ڈالی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے سربراہ مملکت آذربائیجان کے صدر الہام علییف کو نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کا سلام پہنچایا۔وزیراعلیٰ نے اقوام متحدہ کے ورلڈ اربن فورم کے 13ویں اجلاس کے شاندار انعقاد کو سراہا، حالیہ ایران امریکہ کشیدگی کے بعد بحالی امن کے لیے پاکستان کے ذمہ دارانہ اور ثالثی کردار کی تعریف کی۔ملاقات کے دوران وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور انکی ٹیم کی مسلسل سفارتی کوششوں اور علاقائی استحکام کے لیے اقدامات کو بھی سراہا گیا۔ملاقات میں آذربائیجان کے آسان خدمت ماڈل کی طرز پر پاکستان میں قائم مراکز کے امور پر بھی گفتگو کی گئی۔مریم نواز نے کہا کہ پاکستان کی سٹریٹجک پوزیشن خطے میں توازن برقرار رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔پاکستان مسلم امہ کی واحد مسلم ایٹمی قوت ہونے کے ناطے عالمی نقشے پر غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایران امریکہ جنگ میں پاکستان امن، تدبر اور فراست کی طاقت کے ساتھ ایک گریٹر ثالث کے طور پر ابھرا ہے۔پاکستان کی ایٹمی قوت نے خطے میں توازن، خودمختاری اور قومی وقار کو مضبوط بنایا ہے۔وزیراعظم پاکستان شہباز شریف ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور معاشی خوشحالی کے لیے دن رات انتھک محنت کررہے ہیں۔جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علییف نے کہا کہ آذربائیجان اور پاکستان کے تعلقات اس وقت آذربائیجان، ترکیہ اور پاکستان کے سہ فریقی فریم ورک کے تحت تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔علاوہ ازیں وزیراعلیٰ پنجاب نے باکو میں جدید آذربائیجان کے بانی اور بابائے قوم حیدر علی کے مقبرے پر حاضری دی، آذربائیجانی بابائے قوم حیدر علی کے مقبرے پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے باکو میں یادگار کوچہ شہداء کا بھی دورہ کیا اور یادگار شہداء پر پھول رکھے۔آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف اور وفد کے دیگر ارکان بھی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 7 بیانیہ دفن

طور پر معطل نہیں کر سکتا، عدالت کے مطابق پاکستان کا موقف انڈس واٹرز ٹریٹی کی درست قانونی تشریح اور بین الاقوامی قانون کے مطابق ہے، جبکہ معاہدہ عالمی بینک کی ضمانت کے تحت قائم ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل یا غیر مؤثر قرار نہیں دے سکتا، عدالت نے واضح کیا کہ معاہدے کی حیثیت بین الاقوامی قانون کے تحت برقرار رہتی ہے۔عدالت نے قرار دیا کہ بھارت مغربی دریاؤں پر کسی بھی ہائیڈرو پاور منصوبے میں اپنی مرضی سے پانی ذخیرہ نہیں کرسکتا۔اس کے علاوہ بھارت کو ان منصوبوں سے متعلق آپریشنل ڈیٹا پاکستان کو فراہم کرنا ہوگا۔عدالت نے کہا کہ بھارت کو کشن گنگا اور رتلے منصوبوں سے متعلق تمام تکنیکی اور ہائیڈرولوجیکل معلومات پاکستان کے ساتھ شیئر کرنا ہوں گی۔فیصلے میں ماحولیاتی بہاؤ سے متعلق پاکستان کے مؤقف کو بھی تسلیم کرتے ہوئے بھارت پر اس حوالے سے ذمہ داریاں عائد کی گئی ہیں۔عدالت نے کہا کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو معطل یا غیر مؤثر قرار دینے کا بیانیہ غیر قانونی اور غیر اخلاقی ہے۔عدالت نے کہا کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو معطل یا غیر مؤثر قرار دینے کا بیانیہ غیر قانونی اور غیر اخلاقی ہے۔فیصلے میں یہ بھی کہا گیا کہ پانی کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوششوں کو مسترد کیا جاتا ہے۔قانونی ماہرین کا کہنا ہے بھارت اپنی کمزور قانونی پوزیشن کے باعث عدالت کے فیصلوں کو مسلسل مسترد کرتا رہا ہے، تاہم اس کے باوجود عدالت نے کارروائی جاری رکھتے ہوئے اہم قانونی نکات پر فیصلہ دیا۔پاکستان نے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی قانون، غیر جانبدار انصاف اور معاہداتی ذمہ داریوں کی فتح قرار دیا ہے۔حکومت پاکستان نے ثالثی عدالت کی جانب سے جاری کردہ زیادہ سے زیادہ ذخیرہ آب (Maximum Pondage) سے متعلق ضمنی فیصلے پر بھرپور اطمینان کا اظہار کیا،یہ فیصلہ پاکستان کے اس بنیادی موقف کی توثیق کرتا ہے کہ معاہدہ مغربی دریاؤں پر بھارت کی پانی کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت پر سخت اور حقیقی حدود عائد کرتا ہے، یہ حدود محض رسمی نوعیت کی نہیں بلکہ منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے مرحلے پر ہی لاگو ہوتی ہیں اور انہیں بعد میں آپریشنل احتیاط کی یقین دہانی کے ذریعے پورا نہیں کیا جاسکتا۔بیان میں کہا گیا کہ کسی رن آف دی ریور منصوبے کے لیے ذخیرہ آب کا جواز حقیقی منصوبہ جاتی ضروریات، متوقع عملی آپریشن، مقام کی ہائیڈرولوجیکل و ہائیڈرولک صورتحال، پاور سسٹم کی ضروریات، اور معاہدے کے تحت مطلوب معلومات و وضاحت کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔8 اگست 2025 کے عدالت کے جنرل ایشوز ایوارڈ کی بنیاد پر، یہ ضمنی فیصلہ اس اصول کو عملی شکل دیتا ہے کہ نصب شدہ پیداواری صلاحیت (Installed Capacity) اور متوقع لوڈ (Anticipated Load) حقیقت پسندانہ، مضبوط بنیادوں پر مبنی اور قابل دفاع ہونے چاہئیں۔نصب شدہ صلاحیت کا تعلق منصوبے کے حقیقی متوقع آپریشن، ہائیڈرولوجیکل و ہائیڈرولک اعداد و شمار اور معاہدے کے تقاضوں سے ہونا لازم ہے۔اسی طرح متوقع لوڈ کا تعلق بھی منصوبے کے حقیقی متوقع آپریشن اور اس پاور سسٹم کی متوقع ضروریات سے ہونا چاہیے جسے یہ منصوبہ بجلی فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔یہ فیصلہ معاہدے سے متعلق ایک بنیادی تشویش کا ازالہ کرتا ہے۔بھارت فرضی پیداواری صلاحیت، مصنوعی لوڈ کروز، غیر حقیقی پیکنگ مفروضوں، یا پیراگراف 15 کے تحت اخراج آب کی حدود کی محض زبانی یقین دہانی کے ذریعے ذخیرہ آب میں اضافہ جائز قرار نہیں دے سکتا۔پیراگراف 15 بدستور ایک آپریشنل پابندی ہے، لیکن یہ مطلوبہ پانی کنٹرول صلاحیت کے ثبوت پر مبنی جواز کا متبادل نہیں بن سکتی۔کسی بھی مختلف آپریشنل طریقہ کار کے لیے بھارت کو مخصوص معلومات اور بنیادی اعداد و شمار فراہم کرنا ہوں گے۔یہ فیصلہ پاکستان کے جائزہ لینے کے حقوق کو بھی مزید تقویت دیتا ہے۔بھارت پر لازم ہے کہ وہ پاکستان کو معاہدے کی پاسداری کا جائزہ لینے کے لیے درکار کافی معلومات اور وضاحت فراہم کرے۔اگر بھارت ایسا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو وہ یہ ثابت کرنے کی اپنی ذمہ داری پوری نہیں کرتا کہ مجوزہ زیادہ سے زیادہ ذخیرہ آب انیکسچر D کے پیراگراف 8(c) کے مطابق ہے۔عدالت نے مزید یہ بھی واضح کیا کہ جہاں کم از کم پانی کے بہاؤ (Minimum Flow) سے متعلق کوئی قابل اطلاق ذمہ داری موجود ہو اور وہ کسی اور طریقے سے پوری نہ ہورہی ہو، وہاں فرم پاور کے لیے درکار ذخیرہ آب کے حساب میں اسے شامل کرنا لازم ہوگا۔پیراگراف 15 کے تحت اخراج آب کی شرائط خود بخود ایسی ذمہ داری کو پورا نہیں کرتیں۔پاکستان عدالت کے اس سابقہ موقف کی بھی تائید کرتا ہے کہ ثالثی عدالت کے فیصلے فریقین پر حتمی اور لازمی حیثیت رکھتے ہیں اور معاہدے کی تشریح سے متعلق معاملات میں بعد کے معاہداتی فورمز کے لیے بھی رہنمائی اور قانونی اثر رکھتے ہیں۔پاکستان معاہدے کے طریقہ کار اور قابل اطلاق رازداری کے انتظامات کے مطابق ان تشریحات کو نیوٹرل ایکسپرٹ کے عمل کے سامنے پیش کرے گا۔پاکستان سندھ طاس معاہدہ، اس کے تنازعات کے حل کے طریقہ کار، اور پانی سے متعلق اختلافات کے پرامن حل کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔پاکستان اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم رہے گا اور اس امر کو یقینی بنانے کے لیے تمام قانونی اور سفارتی ذرائع بروئے کار لاتا رہے گا کہ مغربی دریاؤں پر قائم ہائیڈروالیکٹرک منصوبے معاہدے کی حدود کے اندر رہتے ہوئے ڈیزائن اور چلائے جائیں۔یہ فیصلہ پاکستان کے معاہداتی موقف کو ایک مضبوط اسٹریٹجک بنیاد فراہم کرتا ہے: زیادہ سے زیادہ ذخیرہ آب حقیقت پسندانہ شواہد پر مبنی، ہائیڈرولوجیکل بنیادوں سے ہم آہنگ، پاور سسٹم کے تقاضوں کے مطابق، معاہدے سے مطابقت رکھنے والا، اور مصنوعی مفروضوں کے ذریعے غیر حقیقی طور پر بڑھائے جانے سے پاک ہونا چاہیے۔

بقیہ 8 خوارج ہلاک

بلوچستان شاہد رند کا کہنا ہے کہ منگلہ، زرغون غر میں 13 مئی سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الہندوستان کے 35 سے زائد خوارج ہلاک ہوگئے۔کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے تین اہم کمانڈرز گرفتار کرلیے گئے۔شاہد رند نے کہا کہ آپریشن میں اہم کامیابیاں حاصل ہوئیں، دہشتگردوں کے متعدد کیمپس اور ٹھکانے تباہ ہوگئے۔گرفتار دہشتگرد کمانڈرز سے اہم معلومات حاصل ہوئی ہیں، مزید کارروائیاں جاری ہیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ آپریشن بلوچستان اور پاکستان کے امن و استحکام کیلئے ناگزیر ہے، فتنہ الخوارج کے سہولت کاروں اور پشت پناہ عناصر کے گرد بھی گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔ریاست پاکستان دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ 9 پاک فوج

کے برعکس، پاکستان پہلے ہی عالمی سطح پر ایک اہم ملک، ایک تسلیم شدہ ایٹمی طاقت اور جنوبی ایشیا کے جغرافیے اور تاریخ کا ناقابل تنسیخ حصہ ہے۔بھارتی آرمی چیف کا بیان اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ بھارتی قیادت نہ تو پاکستان کے وجود کو دل سے تسلیم کرسکی ہے اور نہ ہی آٹھ دہائیاں گزر جانے کے باوجود درست اسباق سیکھ پائی ہے۔یہی متکبرانہ، جنگی جنون پر مبنی اور تنگ نظر ذہنیت بارہا جنوبی ایشیا کو تنازعوں اور بحرانوں کی طرف دھکیلتی رہی ہے۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا کہ ایک خودمختار ایٹمی ہمسایہ ملک کو جغرافیے سے مٹانے کی دھمکی دینا نہ تو سٹریٹجک اشارہ ہے اور نہ ہی سفارتی، بلکہ یہ ذہنی دیوالیہ پن، جنگی جنون اور اشتعال انگیزی کا مظہر ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسی کسی جغرافیائی تباہی کے نتائج یقینی طور پر دو طرفہ اور ہمہ گیر ہوں گے۔ذمہ دار ایٹمی ریاستیں تحمل، پختگی اور سٹریٹجک سنجیدگی کا مظاہرہ کرتی ہیں، وہ تہذیبی برتری یا قوم مٹانے کی زبان استعمال نہیں کرتیں۔آئی ایس پی آر کی جانب سے مزید کہا گیا کہ بھارتی بیانیہ کولٹ کے ساتھ اس تاریخی حقیقت کو نظر انداز کرتا ہے کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کے فروغ، ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی، علاقائی عدم استحکام، سرحد پار ٹارگٹ کلنگز اور عالمی سطح پر منظم غلط معلوماتی مہمات میں ملوث رہا ہے، بھارت کا جارحانہ رویہ دراصل اعتماد سے زیادہ اس مایوسی کا عکاس ہے جو پاکستان کو نقصان پہنچانے میں ناکامی کے باعث مزید نمایاں ہوئی، اور جسے معرکہ حق کے دوران مکمل کر بے نقاب ہوتے دیکھا گیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا کہ بھارتی قیادت کو چاہیے وہ جنوبی ایشیا کو ایک اور بحران یا جنگ کی طرف دھکیلنے سے گریز کرے، کیونکہ اس کے نتائج نہ صرف پورے خطے بلکہ اس سے باہر بھی تباہ کن ثابت ہوں گے۔آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ بھارت کو پاکستان کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس کے ساتھ پرامن بقائے باہمی کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، بصورت دیگر پاکستان کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ایسے نتائج کو جنم دے سکتی ہے جو نہ جغرافیائی حدود تک محدود ہوں گے اور نہ ہی بھارت کے لیے سٹریٹجک یا سیاسی طور پر قابل قبول ہوں گے۔

بقیہ 10 وزیراعظم

کہا کہ یہ ہماری تاریخ کے روشن ترین لمحات میں سے ایک ہے، دنیا بھر میں پاکستان کو ایک ایماندار ثالث اور ایسے ملک کے طور پر تسلیم کیا جارہا ہے جس پر عالمی قیادت کو مکمل اعتماد ہے۔یہ ہمارا سنہری وقت ہے اور 24 کروڑ پاکستانیوں کی طرح مجھے بھی ایک پاکستانی ہونے پر فخر ہے۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ وہ امریکا اور ایران کے درمیان آمنے سامنے مذاکرات کے دوسرے دور اور مستقل امن کے حوالے سے پرامید ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ امن آسانی سے حاصل نہیں ہوتا۔اس کے لیے صبر، دانشمندی اور مشکل حالات میں فیصلے کرنے کی صلاحیت چاہیے۔ہم اب بھی پوری کوشش کر رہے ہیں کہ اسلام آباد میں مذاکرات کا ایک اور دور ہو اور دیرپا امن قائم ہو سکے، باقی سب اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ان کا کہنا تھا کہ خوش قسمتی سے ہمیں یہ باوقار کردار ملا ہے۔ہماری سیاسی اور فوجی قیادت کی شراکت داری کے باعث پاکستان کی عالمی ساکھ مکمل طور پر بدل گئی ہے۔خوش قسمتی سے ایران، امریکا اور خلیجی ممالک سب پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں۔پاکستان کی جغرافیائی حیثیت بھی اس میں اہم کردار ادا کرتی ہے، جب کہ سعودی عرب اور قطر سے بھی اس کے قریبی تعلقات ہیں۔پاکستان کی ایران کے ساتھ 565 میل طویل سرحد ہے، جب کہ آبنائے ہرمز کے قریب اس کی بندرگاہیں موجود ہیں، جو عالمی توانائی کی رسد کے لیے انتہائی اہم علاقہ ہے۔جنگ کے باعث تیل کی قیمتوں میں اضافے اور قلت پاکستان کی معیشت کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔وزیراعظم نے مذاکرات کے حوالے سے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل نے مذاکرات میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے، جو تاریخ میں یاد رکھا جائیگا۔گزشتہ سال مئی میں پاک بھارت تصادم کے حوالے سے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اگر صدر ٹرمپ مداخلت نہ کرتے تو دنیا جنوبی ایشیا میں ایک بڑی تباہی دیکھ سکتی تھی اور شاید کوئی زندہ نہ بچتا جو بتا سکتا کہ کیا ہوا۔ایک سوال کے جواب میں وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشت گردی کی نئی لہر کا سامنا کر رہا ہے، جس میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان، بی ایل اے اور دیگر گروہ شامل ہیں۔وزیراعظم نے افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف کارروائی کو مجبوری قرار دیا۔شہباز شریف نے کہا ہم نے کابل کو بارہا امن کے پیغامات بھیجے کہ ہمیں ہمیشہ پڑوسی بن کر رہنا ہے،انہوں نے کہا کہ ہم نے کابل کو بار بار امن کے پیغامات بھیجے، لیکن اگر ہمارے معصوم لوگ مارے جارہے ہوں تو ہم خاموش نہیں رہ سکتے،حالیہ عرصے میں ہم نے سیکڑوں اپنے جوان کھوئے ہیں، ایسے میں آپ کیا کریں گے؟ ہم نے کابل کو بارہا امن کے پیغامات بھیجے کہ ہمیں ہمیشہ پڑوسی بن کر رہنا ہے، ہماری دو ہزار کلومیٹر سے زیادہ مشترکہ سرحد ہے، اگر امن ہوگا تو دونوں ممالک خوشحال ہوں گے۔ان کا کہنا تھا کہ ہماری صرف ایک درخواست تھی کہ وہ اس بات کی ضمانت دیں کہ دہشت گرد گروہوں کو اپنی سرزمین استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ ایسی صورت میں ہم کیا کریں؟ کیا ان لوگوں کے ساتھ کھانا کھائیں جب کہ ہمارے بے گناہ شہری مارے جارہے ہوں؟ دہشت گردی کا داغ پاکستان کے چہرے سے مٹانا ہمارا غیر متزلزل عزم ہے۔یہ جنگ ہم صرف پاکستان نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے لڑ رہے ہیں۔دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اور قطر کے وزیراعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں دونوں رہنماؤں نے خطے کی مجموعی صورتحال اور امن و استحکام کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم نے علاقائی کشیدگی کے خاتمے اور امن کوششوں کی حمایت پر قطری قیادت کا شکریہ ادا کیا جبکہ قطر کے ثالثی کردار کو بھی سراہا گیا۔دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی یوم ٹیلی مواصلات و معلوماتی معاشرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان تیزی سے ایک مکمل ڈیجیٹل انقلاب کی جانب گامزن ہے اور حکومت ڈیجیٹل نیشن پاکستان وژن کے تحت موثر اقدامات کررہی ہے۔وزیراعظم نے ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبے سے وابستہ تمام ماہرین، اداروں، شراکت داروں اور بین الاقوامی معاونین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سال عالمی دن کا موضوع 'ڈیجیٹل لائف لائنز: ایک مربوط دنیا میں مضبوطی و پائیداری کا فروغ' پاکستان کے قومی وژن سے مکمل ہم آہنگ ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل اے آئی پالیسی 2025 مصنوعی ذہانت کے شعبے میں ایک انقلابی اقدام ہے جبکہ حالیہ شفاف 5G اسپیکٹرم نیلامی 'ڈیجیٹل پاکستان' کی جانب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی ہے، جسے جی ایس ایم اے نے ابھرتی معیشتوں کیلئے قابل تقلید قرار دیا۔

بقیہ 11 حلف اٹھالیا

کہ گزشتہ روز گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کابینہ میں توسیع کی منظوری دی تھی۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبائی کابینہ میں توسیع کے حوالے سے 18 ناموں پر مشتمل سمری تیار کی تھی، مجوزہ فہرست میں 6 صوبائی وزراء، 4 مشیر اور 8 معاونین خصوصی شامل تھے۔

بقیہ 12 ملاقات

فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں سی این جی کی بندش آئین کی خلاف ورزی ہے اور گندم اور سی این جی کی بندش سے غریب طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے، اگر پنجاب راہداری فراہم کرے تو صوبہ سندھ سے گندم حاصل کی جاسکتی ہے، بصورت دیگر خیبرپختونخوا کو گندم مہنگے داموں خریدنی پڑ رہی ہے، سندھ حکومت خیبرپختونخوا کو گندم فراہم کرنے پر آمادہ ہے۔گورنر نے خیبرپختونخوا پولیس کی تنخواہوں میں اضافے کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا اور چیف سیکرٹری کو ہدایت کی کہ وہ دیگر صوبوں کی پولیس کی تنخواہوں اور مراعات کا جائزہ لے کر سفارشات صوبائی حکومت کو بھجوانے کے لیے تیار کریں۔گورنر خیبرپختونخوا نے صوبے میں پہلی بار ساؤتھ ایشیا کامن ویلتھ ویمن پارلیمنٹیرینز کانفرنس کے انعقاد کو ایک اعزاز قرار دیا۔ملاقات میں اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی، وزیر اطلاعات شفیع جان اور چیف سیکرٹری بھی موجود تھے۔

بقیہ 13 فضل الرحمان

ظلم روا رکھا گیا۔کراچی کے معروف تاجر بھی ملاقات میں شریک ہوئے۔ملاقات میں پاکستان کے معاشی حالات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ملاقات میں وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ، خالد تواب، عبدالصمد حبیب، حاجی عثمان غنی، انجینئر ضیاء الرحمن، علامہ راشد محمود سومرو و دیگر بھی شامل تھے۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ بدامنی کی وجہ سے تاجر برادری خوف کا شکار ہے، امن ہوگا تو سرمایہ کاری آئے گی جس سے معیشت مضبوط ہوگی۔انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے بجائے حقائقی وسائل پر انحصار کیا جائے، ملک کے تاجروں پر اعتماد کیا جائے، اس سے ہم ملک کا قرض اتار سکتے ہیں۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اسلام نے معیشت کا مکمل نظام دیا ہے، اس کو فالو کیا جائے، سودی نظام کے خاتمے سے ملکی معیشت میں واضح بہتری آئے گی۔انہوں نے کہا کہ 2028 تک سود کا خاتمہ اب آئین بن چکا ہے، اگر عمل نہ ہوا تو آئین شکنی کی کارروائی ہوگی، جے یو آئی تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 14 گیلانی

وجدت پر مبنی تعلیم ہی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے، جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ تعلیم کے فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جارہے ہیں، سینیٹ کا ادارہ تعلیم، جدت، ہنرمندی کی فراہمی سمیت نوجوانوں کو باوقار انداز میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف لاہور میں منعقدہ گریجویشن تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب اور نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈین، ڈائریکٹرز، اساتذہ، فیکلٹی ممبران، طلبہ و دیگر کثیر تعداد موجود تھی۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سوال کیا کہ آپ کس بنیاد پر کہہ رہے ہیں کہ صدر مملکت جارہے ہیں، یہ ڈس انفارمیشن، مفروضے پر مبنی اور غلط بات ہے۔انہوں نے اٹھائیسویں ترمیم سے متعلق سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت کو سیاسی جماعتوں کے پاس آنے دیں اس پر وہ اپنا موقف دیں گی، ابھی اس طرح کا کوئی معاملہ ہے ہی نہیں، مفروضے پر بات کا کیا جواب دے سکتا ہوں، جب اٹھائیسویں ترمیم کی تجاویز سیاسی جماعتوں کے پاس آئیں گی تو وہ اس پر فیصلہ کریں گی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مجھے یونیورسٹی آف لاہور کی گریجویشن تقریب میں شریک ہوکر بے حد خوشی ہو رہی ہے اور یہ میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے اردگرد کی دنیا غیر معمولی رفتار سے بدل رہی ہے، مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، بلاک چین، کوانٹم کمپیوٹنگ، روبوٹکس اور دیگر جدید ٹیکنالوجیز معیشتوں، صحت کے نظام، صنعتوں اور خود کام کی نوعیت کو تبدیل کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس نئے دور میں قومیں صرف قدرتی وسائل یا انفرااسٹرکچر کے ذریعے نہیں بلکہ علم، جدت اور انسانی قابلیت کے ذریعے ترقی کریں گی،یہ صورتحال ہمارے تعلیمی اداروں اور نوجوانوں پر بڑی ذمہ داری عائد کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جامعات کو اعلیٰ معیار کے مراکز اور ٹیکنالوجی انکیوبیٹرز کے طور پر کام کرنا ہوگا، جو قومی اور بین الاقوامی معیارات پر پورا اتریں،ہمیں طلبہ کو صرف پیشہ ورانہ قابلیت ہی نہیں بلکہ تنقیدی سوچ، تبدیلی کے مطابق خود کو ڈھالنے اور زندگی بھر سیکھتے رہنے کی صلاحیت بھی فراہم کرنا ہوں گی۔تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی چیئرمین سینیٹ نے شاندار کارکردگی دکھانے والے طلبا و طالبات میں میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے جبکہ ریکٹر یونیورسٹی آف لاہور پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف نے مہمان خصوصی کو سوینئر بھی پیش کیا۔

بقیہ 15 چاند نظر آگیا

اجلاس کے بعد چیئرمین کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے چاند نظر آنے کا اعلان کیا اور کہا ہے کہ آج بروز پیر یکم ذوالحج ہوگی جب کہ عیدالاضحیٰ بروز بدھ 27 مئی کو ہوگی۔دریں اثناء سعودی سپریم کورٹ نے چاند نظر آنے کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔عرب میڈیا کے مطابق مملکت میں عیدالاضحیٰ 27 مئی کو ہوگی جب کہ یکم ذوالحج 18 مئی اور وقوف عرفہ 26 مئی کو ادا کیا جائے گا۔دوسری جانب جنوبی ایشیائی ملک انڈونیشیا میں ذوالحج کا چاند نظر آگیا ہے جہاں عیدالاضحیٰ 27 مئی کو ہوگی، حکام کے مطابق انڈونیشیا کی وزارت مذہبی امور نے ذوالحج کے چاند کا اعلان کردیا ہے اور بتایا ہے کہ عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ ہوگی۔اس سے قبل تیونس اور ترکیہ میں اسلامی مہینے ذوالحجہ کا چاند نظر آنے کی تصدیق ہوگئی ہے، جس کے بعد دونوں ممالک نے پیر 18 مئی کو یکم ذوالحجہ اور بدھ 27 مئی کو عیدالاضحیٰ منانے کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔تیونس ذوالحجہ کے آغاز کا باقاعدہ اعلان کرنے والا پہلا ملک بن گیا ہے جہاں جمعہ 16 مئی کو ذوالقعدہ کی 29 تاریخ قرار دی گئی تھی اور چاند کی تصدیق کی گئی۔مزید برآں ترکیہ نے بھی پیر 18 مئی کو یکم ذوالحجہ قرار دیا ہے، واضح رہے کہ ترکیہ میں چاند دیکھنے کے روایتی طریقے کے بجائے فلکیاتی حساب کتاب پر مبنی پہلے سے تیار کردہ اسلامی کیلنڈر کی پیروی کی جاتی ہے جس کے تحت یہ تاریخ طے کی گئی ہے۔

بقیہ 16 نئی کمپنیاں

ہزار 511 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں کی تعداد 8 ہزار 693 تھی۔اعلامیے میں بتایا گیا کہ اپریل میں 4 ہزار 82 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، 22 سے زائد ممالک کے سرمایہ کاروں نے بھی پاکستان میں کمپنیاں رجسٹرڈ کیں، غیرملکی سرمایہ کاروں کی کمپنیوں کا مجموعی سرمایہ 218 فیصد بڑھا ہے۔اعلامیے میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ غیرملکی سرمایہ کاروں کا مجموعی ادا شدہ سرمایہ 88 کروڑ 20 لاکھ روپے رہا جبکہ گزشتہ سال غیرملکی سرمایہ کاروں کا ادا شدہ سرمایہ 27 کروڑ 70 لاکھ روپے تھا۔ایس ای سی پی کے مطابق پاکستان میں تجارت، خدمات، معلوماتی ٹیکنالوجی، تعمیرات اور معدنیات کی کمپنیاں رجسٹر کرائی گئیں، کمپنیوں کی ریگولیٹری کمپلائنس میں 61 فیصد اضافہ ہوا۔اسی طرح تین ماہ میں 61 ہزار 960 کمپنیوں نے سالانہ ریٹرنز جمع کرائیں جبکہ گزشتہ سال 38 ہزار 326 کمپنیوں نے ریٹرنز جمع کروائے تھے۔ایس ای سی پی کے مطابق نان لسٹڈ کمپنیوں کے شیئر سرٹیفکیٹس کو ڈیجیٹلائز کرنے کا آغاز ہوگیا ہے، الیکٹرانک شیئرز سے کمپنیوں کے شیئر ہولڈنگ تنازعات کا خاتمہ ممکن ہوگا، اسلام آباد، کراچی، لاہور، سیالکوٹ، فیصل آباد میں سہولت مراکز قائم کیے جائیں گے۔ایس ای سی پی اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کمپنی رجسٹریشن کے نظام کو مزید خودکار بنایا جائے گا اور کمپنیوں کے نام ریزرویشن کے لیے مصنوعی ذہانت کا استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ 17 انکشاف

بلوں میں مجموعی طور پر چھ مختلف قسم کے ٹیکس شامل کیے گئے ہیں جن میں 18 فیصد جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور ایڈوانس ٹیکس نمایاں ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان ٹیکسز کے ذریعے حکومت سالانہ 900 ارب روپے سے زائد رقم جمع کررہی ہے۔

بقیہ 18 پابندی

دیا۔حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں اسلحہ کی نمائش اور استعمال، ڈبل سواری، کالے شیشوں، غیر رجسٹرڈ گاڑیوں پر پابندی عائد کر دی ہے۔اسی طرح دفعہ 144 کے تحت پانچ یا زائد افراد کے اجتماعات و جلسوں اور ریلیوں پر ایک ماہ کے لیے مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔دوسری جانب نوٹیفکیشن میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ عوامی مقامات پر چہرہ ڈھانپنے پر بھی پابندی عائد ہے۔مزید برآں نوٹیفکیشن کے مطابق پابندیوں کا اطلاق فوری طور پر ہوگا اور خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔خیال رہے صوبائی حکومت کی جانب سے حالیہ واقعات اور پولیس موبائلز پر حملوں کے بعد سخت اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

بقیہ 19 خواجہ آصف

انمول پنکی کو پاکستانی ایپسٹین فائلز قرار دے دیا۔وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے ایکس پر پوسٹ میں لکھا کہ پنکی ایپسٹین فائلز کا پاکستانی ورژن ہے؟ یاد رہے ایپسٹین فائلز امریکی محکمہ انصاف نے جاری کی تھیں، جس میں جیفری ایپسٹین کے کم عمر بچیوں کے خلاف جنسی جرائم، منشیات کے استعمال اور امریکا سمیت دنیا بھر کی اہم شخصیات کا ذکر تھا۔خواجہ آصف کا ایپسٹین فائلز کی طرف اشارہ اسی بنیاد پر دکھائی دیتا ہے کہ انمول پنکی کے گاہکوں میں بھی بڑے بڑے نام شامل ہیں، انکشاف کیا گیا ہے کہ پنکی کے گاہکوں کی فہرست میں 30 کے قریب سیاست دانوں کے نام بھی شامل ہیں، اور اس کی رپورٹ وزیراعلیٰ سندھ کو پیش کی گئی ہے۔

بقیہ 20 فیصلہ

سے تجویز دی گئی ہے کہ جی ایس ٹی کی مد میں اضافی 2 ہزار ارب روپے اکٹھے کیے جائیں۔ذرائع کے مطابق اگلے مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں 7 ہزار ارب، جون 2027 تک 15 ہزار 267 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف متوقع ہے۔ذرائع نے بتایا کہ اگلے بجٹ میں عوام پر 430 ارب کا اضافی بوجھ ڈالنے کا امکان ہے۔215 ارب روپے اضافی ٹیکس اور باقی 215 ارب آڈٹ اور سخت نگرانی سے حاصل کیے جائیں گے۔چاروں صوبے بھی 430 ارب کے نئے ٹیکس لگائیں گے۔ذرائع کا مزید کہنا ہے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1727 ارب وصول کیے جائیں گے جو موجودہ مالی سال سے 260 ارب روپے زیادہ ہیں۔کسی شعبے کو ریلیف دینے کے لیے دیگر سیکٹرز پر بوجھ ڈالا جائے گا۔آئی ایم ایف سے وعدے کے باوجود حکومت زرعی آمدن پر ٹیکس وصولی میں ناکام رہی ہے، زرعی شعبے کا معیشت میں حصہ تقریباً 25 فیصد اور ٹیکس وصولی صرف 0.3 فیصد ہے۔مزید برآں ایک رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کو سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرنے کی یقین دہانی کروا دی، خصوصی اقتصادی زونز کی ٹیکس مراعات 2035 تک ختم کرنے کا منصوبہ بھی شیئر کر دیا۔ذرائع کے مطابق تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری ممکن نہ ہوئی تو بعض کمپنیوں کو ضم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئیسکو، گیپکو اور فیسکو کے 51 سے 100 فیصد شیئرز 2027 کے آغاز میں فروخت کیے جائیں گے۔انتظامی کنٹرول بھی نجی شعبے کو منتقل کیا جائے گا۔27 سرکاری اداروں کی نجکاری پر پیشرفت جاری ہے۔روز ویلٹ ہوٹل کے لیے نئے مالی مشیر کی تقرری میں تاخیر کا انکشاف بھی سامنے آیا ہے۔

بقیہ 21 مصدق ملک

پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ صرف ہاؤسنگ کا نہیں بلکہ بنیادی طور پر انصاف کا بحران ہے، اور شہری منصوبہ بندی میں انصاف اور شمولیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کی تقریباً 50 فیصد آبادی شہری علاقوں میں رہتی ہے جبکہ شہری آبادی کا 55 فیصد حصہ کچی آبادیوں میں مقیم ہے۔انہوں نے کہا کہ کچی آبادیاں صرف ایک پالیسی اصطلاح نہیں بلکہ ایک مکمل طرز زندگی ہیں جنہیں نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی میں 2024 کے دوران ہیٹ ویو کے موقع پر درجہ حرارت 47 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا، جس کے نتیجے میں صرف 7 دنوں میں تقریباً 560 افراد جاں بحق ہوئے۔انہوں نے مزید بتایا کہ ہیٹ ویوز اور سیلابوں کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقہ برداشت کرتا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ 4 بڑے سیلابوں میں تقریباً 4 ہزار افراد جان کی بازی ہار گئے، جبکہ 20 ہزار افراد زخمی یا معذور ہوئے اور تقریباً 4 کروڑ افراد بے گھر ہوئے۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ سستی رہائش کوئی عیاشی یا سہولت نہیں بلکہ ایک بنیادی انسانی حق سمجھنا ہوگا۔

بقیہ 22 انکشاف

موجود تھا جو جون 2025 میں ایران پر اسرائیلی حملوں کے دوران استعمال ہوا۔ایک علاقائی عہدیدار کے مطابق اس دوسرے اڈے کی تعمیر 2024 کے آخر میں شروع کی گئی تھی تاہم اب یہ فعال نہیں رہا۔2026 کی جنگ میں استعمال ہونے والے اڈے کی موجودہ صورتحال واضح نہیں ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکا کو کم از کم ایک اڈے کے بارے میں علم تھا۔ان اڈوں کا مقصد ایران پر حملوں کے لیے طیاروں کی پرواز کے وقت کو کم کرنا اور اسرائیلی فضائیہ کے لیے لاجسٹک مرکز فراہم کرنا تھا۔یہاں خصوصی دستے اور سرچ اینڈ ریسکیو ٹیمیں بھی موجود تھیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کارروائی کی جاسکے۔مقامی بدو افراد نے ایک اڈے کے قریب مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کی تھی تاہم عراقی فوج نے دورے کے دوران کوئی چیز دریافت نہیں کی اور امریکا سے معلومات طلب کیں لیکن واشنگٹن نے اس حوالے سے تفصیلات فراہم نہیں کیں۔رپورٹ کے مطابق 3 مارچ کو ایک چرواہا عواد الشمری جب قریبی علاقے جارہا تھا تو وہ اتفاقاً اس اڈے تک پہنچ گیا جس کے بعد اسرائیلی ہیلی کاپٹر نے اسے نشانہ بنایا۔اس نے اس سے قبل اڈے کی اطلاع عراقی حکام کو دے دی تھی۔بعدازاں عواد الشمری کی تباہ شدہ گاڑی مقامی بدو افراد کو ملی جس میں عواد الشمری کی لاش بھی موجود تھی۔عراقی فوج نے بعدازاں ایک ریکی مشن بھیجا تاہم ممکنہ طور پر اسرائیلی فائرنگ کے نتیجے میں ایک فوجی ہلاک اور دو زخمی ہونے کے بعد مشن واپس بلالیا گیا۔

بقیہ 23 قرار دیدیا

خطے میں داعش خراسان کے خلاف جنگ میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، جبکہ اسلام آباد کے ساتھ فوجی شراکت داری کے نتیجے میں دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس اور موثر نتائج حاصل ہوئے۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں پاکستان اور امریکا کے درمیان دوستی، تعاون اور مشترکہ عزم کا براہ راست عکس ہیں، سربراہ امریکی سینٹکام نے مزید بتایا کہ وسطی ایشیائی ممالک بھی افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کے خطرات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ایڈمرل بریڈ کوپر کے مطابق دہشت گرد سرگرمیوں اور سکیورٹی خدشات کے باعث افغانستان بدستور امریکا کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے، جبکہ امریکی نگرانی کی فہرست میں افغانستان اب بھی پہلے نمبر پر موجود ہے۔

بقیہ 24 بنگلہ دیش

مطالبہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دونوں ممالک کے مستقبل کے تعلقات کا دارومدار اس اہم مسئلے کے حل پر ہوگا۔بنگلہ دیش کی حکمران جماعت بی این پی (BNP) کے سیکریٹری جنرل اور وزیر بلدیات مرزا فخر الاسلام عالمگیر نے تاریخی یوم فرکا (Historic Farakka Day) کے موقع پر منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب میں واضح کیا ہے کہ بنگلہ دیش اور بھارت کے مابین اچھے تعلقات برقرار رکھنے کا انحصار دریائے گنگا کے پانی کی منصفانہ تقسیم اور نئے معاہدے پر ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر اس معاملے کو حل نہ کیا گیا تو بنگلہ دیش کے لیے سنگین ماحولیاتی اور معاشی خطرات پیدا ہو جائیں گے۔یاد رہے بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان 1996 میں ہونے والا 30 سالہ تاریخی گنگا پانی کا معاہدہ رواں سال دسمبر 2026 میں ختم ہو رہا ہے۔مرزا فخر الاسلام نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش کو اب کسی 'مختصر مدت' کے عارضی معاہدے پر بہلایا نہیں جاسکتا۔

بقیہ 25 گورنر پنجاب

بلند ہوا ہے۔پاکستان ایک پرامن ملک ہے لیکن سالمیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے لیکن تمام سیاسی جماعتوں کو ملکی مفاد کی خاطر ایک پیج پر ہونا چاہیے۔

بقیہ 26 شبر زیدی

کی تھی۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے ایف بی آر میں 10 سے 15 ہزار افراد کو فارغ کرنے کا کہا، میں کہتا تھا ایف بی آر میں 15 ہزار افراد کی ضرورت نہیں، ان 15 ہزار افراد کو گھر بٹھا دیں، آفس نہ آنے دیں، یہ سب چیزیں نہیں ہوئیں، اہل خانہ نے مشورہ دیا کہ چھوڑ کر کراچی آجائیں، بانی پی ٹی آئی نے مجھ پر بہت دباؤ ڈالا کہ میں واپس آجاؤں، بانی پی ٹی آئی کے کہنے پر ایف بی آر میں واپس آیا، ایف بی آر میں وہی چیزیں دیکھیں تو میری طبیعت مزید خراب ہوئی، پھر کراچی واپس آگیا، میں نے بھی ایف بی آر سے استعفیٰ نہیں دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومتیں دعویٰ کرتی ہیں کہ وہ کیش اکانومی کم کریں گی، ریئل اسٹیٹ کو درست کریں گی، اسمگلنگ روکیں گی، کوئی حکمران آتا ہے تو کچھ مہینے بعد وہ نظام کا حصہ بن جاتا ہے یا بنا دیا جاتا ہے، پاکستان میں تبدیلی یا انقلاب صرف ایک لفظ ہے جو نظام کے خلاف چلتا ہے نظام اس کو باہر پھینک دیتا ہے، نظام درست کرنے کیلئے بندہ لائیں گے تو نظام اسے 6 مہینے بعد باہر پھینک دے گا، نظام درست کرنے کیلئے مشین لانا ہوگی، پچھلے 10 سال میں ہماری ٹیکس کلیکشن 14 ہزار ارب روپے تک جاچکی ہے، معیشت کا حجم بڑھ گیا ہے۔شبر زیدی نے کہا کہ ہم اب بھی جی ڈی پی کے حساب سے 10 فیصد ٹیکس جمع کرتے ہیں، حکومت کی مکمل ناکامی ٹیکس کلیکشن نہ ہونا ہے، ایف بی آر کو گرفتاری کے اختیارات نہیں ہونے چاہئیں، ایف بی آر کو جتنے اختیارات دیں گے اتنی کرپشن بڑھے گی، کاروباری برادری کو کوئی مسائل نہیں، صنعتی لوگوں اور تاجروں کو الگ الگ کرنا چاہیے۔ہمارا معاشرہ اس لیے خراب ہے کہ ہم اسے درست نہیں کرنا چاہتے، جو بھی آتا ہے اس کو ادراک نہیں ہوتا کہ خرابی کیوں ہے، امیروں کو موجودہ نظام میں فائدہ ہے، وہ چاہتے ہیں ایسا ہی رہے، کچھ افسران نے میرے خلاف پٹیشن دائر کی تھی لیکن اس وقت ختم ہوگئی تھی، بانی پی ٹی آئی کی مجھے جتنی سپورٹ تھی شاید کسی بندے کو نہیں ملے گی۔

بقیہ 27 سنگین خطرہ

گئیں 2025 کی اسی کے مقابلے میں دوگنا سے بھی زیادہ ہوچکی ہیں جبکہ مزید تین کروڑ 20 لاکھ افراد کے غربت میں جانے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ ممالک جو مغربی ایشیا میں جاری جنگی بحران میں براہ راست شامل نہیں ہیں، وہ بھی اس کے اثرات برداشت کر رہے ہیں۔پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو اس تنازع سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک میں حکومتیں ایسے وقت میں کفایت شعاری کے اقدامات کرنے پر مجبور ہو رہی ہیں جب ان کی عوام کو سب سے زیادہ سہارا دینے کی ضرورت ہے۔اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو اس سے معاشی ترقی متاثر ہوگی اور وسیع پیمانے پر طویل المدتی معاشی مشکلات پیدا ہوں گی۔عاصم افتخار احمد نے کہا کہ چونکہ پاکستان کو اس خطے سے توانائی کی فراہمی پر زیادہ انحصار ہے، حالیہ رکاوٹوں کی وجہ سے ایندھن کی اچانک کمی، قیمتوں میں تیزی سے اضافہ اور مہنگائی کے دباؤ میں اضافہ ہوا ہے جس کا بوجھ لاکھوں گھروں پر پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سولر توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری اور اس کی ترقی نے اس توانائی کے جھٹکے کو کسی حد تک کم کرنے میں مدد دی ہے تاہم اس کے اثرات صرف توانائی تک محدود نہیں بلکہ خوراک کے تحفظ کے حوالے سے بھی نہایت سنگین نتائج سامنے آسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان امن کے حصول کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد سے ایران نے آبنائے ہرمز کے ذریعے جہاز رانی کو بڑے پیمانے پر روک دیا ہے جب کہ واشنگٹن نے تہران کی بندرگاہوں کا محاصرہ کر رکھا ہے جس سے دنیا بھر کے کئی علاقوں میں ایندھن کی ترسیل متاثر ہو رہی ہے۔اس جنگ کے آغاز کے بعد پاکستان میں بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ دیکھا گیا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے ایندھن کی بچت کے لیے ورک فرام ہوم، مارکیٹس کو جلد بند کرنے سمیت کئی دیگر اقدامات لیے گئے ہیں۔

بقیہ 28 بحالی منصوبہ

سکھ مذہبی ورثے، مقدس مقامات اور تاریخی گوردواروں کے تحفظ، بحالی اور فروغ کے لیے مسلسل اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ آنے والی نسلیں اپنی روحانی اور تاریخی جڑوں سے جڑی رہیں۔انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب بھر میں 50 تاریخی گوردواروں کی بحالی اور تحفظ کا منصوبہ حکومت کے اقلیت دوست اقدامات کا واضح ثبوت ہے۔سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کو پاکستان آنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نہ صرف سکھ مذہب کے مقدس ترین مقامات کی سرزمین ہے بلکہ یہاں ان کے آباؤاجداد کی تاریخی شناخت کا مرکز بھی ہے۔انہوں نے نوجوان نسل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان صرف کل کے رہنما نہیں بلکہ آج ہماری تاریخ، شناخت اور تہذیب کے محافظ ہیں۔تقریب کے اختتام پر بین المذاہب ہم آہنگی، عالمی سکھ برادری کے اتحاد اور مذہبی وابستگی کے خوبصورت جذبات کا اظہار دیکھنے میں آیا۔

بقیہ 29 مظاہرے

کے اختتام کے بعد پولیس نے بتایا کہ مختلف الزامات کے تحت 43 افراد کو گرفتار کیا گیا، تاہم دونوں احتجاج مجموعی طور پر کسی بڑے ناخوشگوار واقعے کے بغیر اختتام پذیر ہوئے۔لندن میں فلسطین کے حامیوں کے احتجاج کے دوران برطانیہ اور فلسطین کے جھنڈے نمایاں رہے، جبکہ مظاہرین نے تجارت مخالف نعرے بھی لگائے۔مظاہرین نے فلسطینی پرچم اٹھا رکھے تھے اور غزہ میں جنگ کے خاتمے کے مطالبات پر مبنی پلے کارڈز بھی تھامے ہوئے تھے۔احتجاج میں شریک شارون ڈی ویٹ نے کہا کہ اسرائیل کا رویہ انتہائی ناانصافی پر مبنی ہے۔ہولوکاسٹ اور دیگر مظالم کے بعد یہودی عوام کے لیے ہمدردی کی دعا کی جاسکتی ہے، لیکن امن اس وقت تک ممکن نہیں جب تک فلسطینیوں کو اپنی ریاست قائم کرنے کا حق نہیں دیا جاتا۔حالیہ عرصے میں لندن میں یہودی مقامات کو نشانہ بناتے ہوئے آتشزدگی کے حملے بھی ہوئے، جبکہ گزشتہ ماہ دو یہودی افراد پر چاقو سے حملہ کیا گیا جسے دہشت گردی کے واقعے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔احتجاج کے دوران بعض افراد نے اسرائیلی فوج مردہ باد کے نعرے بھی لگائے۔

بقیہ 30 علیم خان

کے خلاف ہرزہ سرائی پر وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا کے جغرافیے کا وہ حصہ ہے جسے مٹایا نہیں جاسکتا، بھارتی قیادت نے 8 دہائیاں گزرنے کے بعد بھی تاریخ سے سبق نہیں سیکھا۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئی دہلی کا جارحانہ رویہ معرکہ حق میں ملنے والی ہزیمت کا عکاس ہے۔فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج وطن کے دفاع کیلئے ہر دم تیار ہے۔پاکستان کے خلاف کسی بھی مہم جوئی کا انجام عبرتناک ہوگا۔عبدالعلیم خان نے دشمن پر یہ بھی واضح کیا کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی بھارتی کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔کسی جغرافیائی نقصان کی صورت میں تباہی کا ذمہ دار بھارت ہوگا۔کہا کہ مودی سرکار خطے میں مداخلت کے بجائے اپنے ملک کے اندر مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائے۔

بقیہ 31 نمائندہ خصوصی مقرر

ہیں۔دوسری جانب ایران کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا کہ دنیا اس وقت ایک نئے عالمی نظام کے دہانے پر کھڑی ہے، مستقبل گلوبل ساؤتھ کا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ دنیا ایک نئے نظام کے دہانے پر کھڑی ہے، جیسا کہ شی جن پنگ نے کہا جو تبدیلی ایک صدی میں نہیں دیکھی گئی وہ پوری دنیا میں تیزی سے وقوع پذیر ہو رہی ہے۔ایرانی اسپیکر نے لکھا اور میں اس بات پر زور دیتا ہوں کہ ایرانی قوم کی 70 روزہ مزاحمت نے اس تبدیلی کے عمل کو مزید تیز کر دیا ہے۔باقر قالیباف نے مزید کہا کہ اب مستقبل گلوبل ساؤتھ (عالمی جنوب) کا ہے۔

بقیہ 32 ایلن آئر

کہا کہ اگرچہ چین آبنائے ہرمز میں ایران کی جانب سے مجوزہ ٹول سسٹم نہیں چاہتا تاہم چینی جہازوں اور کارگو کو اس آبی گزرگاہ سے آزادانہ آمدورفت کی اجازت مل جاتی ہے تو پھر چین کیلئے اس ٹولنگ نظام کے خاتمے کیلئے دباؤ ڈالنے کی ترغیب کم ہوجائے گی۔ایلن آئر نے کہا کہ عملی طور پر مجھے نہیں لگتا کہ امریکہ اور چین کے حالیہ دو طرفہ سربراہی اجلاس کے نتیجے میں ایران پر آبنائے ہرمز کا کنٹرول چھوڑنے کیلئے دباؤ میں کوئی اضافہ ہوگا۔

بقیہ 33 پولیو

روکا جاسکے۔اعداد و شمار کے مطابق پنجاب کے 10 مخصوص اضلاع میں 61 لاکھ 90 ہزار، سندھ کے 20 اضلاع میں 57 لاکھ 90 ہزار، خیبرپختونخوا کے 23 اضلاع میں 46 لاکھ 10 ہزار جبکہ بلوچستان کے 25 اضلاع میں 19 لاکھ 90 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 50 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین دی جائے گی۔

بقیہ 34 ڈرون حملہ

پلانٹ کے تمام یونٹس معمول کے مطابق فعال ہیں۔براکہ پلانٹ عرب امارات کی 25 فیصد بجلی پیدا کرتا ہے، پلانٹ 6.5 گیگا واٹ بجلی بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ 35 سپریم کورٹ

کرانسانی توانائی کے لئے۔یہ عدالت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ناانصافی کا ازالہ کرے۔آئین کے آرٹیکل 3 کے تحت ریاست ہر قسم کے استحصال کے خاتمے کی پابند ہے۔جب قانون کسی چیز کو کسی مخصوص انداز میں کرنے کا کہتا ہے تو اسے اسی انداز میں کرنا چاہیے۔عارضی بندوبست غیر معینہ مدت تک نہیں چلنا چاہیے۔طویل عرصہ تک ایڈہاک، عارضی، کرنٹ چارج، ایکٹنگ یا اضافی چارج درحقیقت استحصال کی ایک قسم ہے جو کہ سروس قوانین کی روح کو بری طرح مجروح کرتی ہے لہٰذا غیر معینہ مدت تک ملازمین پر تلوار نہیں لٹکائی رکھی جاسکتی۔ایکٹنگ چارج زیادہ سے زیادہ 3 سے 6 ماہ تک دیا جاسکتا ہے۔فیصلے میں کہا گیا کہ ریاست آئین کے تحت اس بات کی پابند ہے کہ اچھی حکمرانی اور سول سروس ڈھانچے میں شفافیت اور غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لئے سماجی اور معاشی انصاف کرے۔جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں جسٹس مسرت ہلالی پر مشتمل بنچ نے کیس کی سماعت مکمل کرکے فیصلہ محفوظ کیا تھا۔جسٹس محمد علی مظہر کی جانب سے 8 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا ہے۔بنچ نے سیکرٹری ریلویز، حکومت پاکستان اور دیگر کی جانب سے دائر درخواست پر 28 جنوری 2026 کو سماعت کی تھی۔درخواست گزاروں کی جانب سے مسز شیریں عمران بطور وکیل پیش ہوئیں۔واضح رہے کہ مدعاعلیہ 14 اکتوبر 2010 کو 2 سال کے لئے کنٹریکٹ پر بطور اسسٹنٹ کیمسٹ اینڈ میٹالرجسٹ گریڈ 17 میں بھرتی ہوا جس کے بعد فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے ریگولر بنیادوں پر 22 ستمبر 2011 کو گریڈ 17 میں تعیناتی کی منظوری دی۔مدعاعلیہ کو 2 مارچ 2012 کے نوٹیفکیشن کے ذریعہ گریڈ 18 کی سی اینڈ ایم پوسٹ کا چارج دیا گیا۔مدعاعلیہ بغیر کسی بریک کے گریڈ 18 میں ترقی تک اسی پوسٹ پر ایکٹنگ چارج پر تقریباً 8 سال تک کام کرتا رہا۔مدعاعلیہ کو 17 اگست 2020 کو گریڈ 18 میں ترقی دی گئی جس کے خلاف مدعاعلیہ نے محکمانہ اپیل کی کہ اسے ماضی سے ترقی دی جائے تاہم مدعاعلیہ کی درخواست 25 مئی 2021 کو مسترد کردی گئی۔سب کچھ کہے اور ہوجانے کے بعد مدعاعلیہ نے وفاقی سروسز ٹریبونل (ایف ایس ٹی) سے رجوع کیا، ایف ایس ٹی نے 26 اپریل 2024 کو کچھ ہدایات کے ساتھ درخواست منظور کرلی۔درخواست گزاروں کی وکیل کا کہنا تھا کہ فیڈرل سروسز ٹریبونل کا فیصلہ طے شدہ قانونی اصولوں کے خلاف ہے، کرنٹ چارج پر موجودگی اگلے گریڈ میں ریگولر بنیادوں پر ترقی کی بنیاد نہیں بن سکتی، مدعاعلیہ سول سرونٹس (اپوائنٹمنٹ، پروموشن اینڈ ٹرانسفر) رولز 1973 (اے پی ٹی رولز) کے تحت پانچ سال سروس کے بعد گریڈ 18 میں ترقی کے لئے اہل ہوئے۔وکیل کا کہنا تھا کہ ٹریبونل درخواست تاخیر سے دائر ہونے کے سوال کو زیرغور لانے میں ناکام رہا۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ہر کیس کی اپنی خصوصیات ہوتی ہیں۔درخواست گزار نے ایف ایس ٹی کے سامنے موقف اپنایا کہ ایکٹنگ چارج کی بنیاد پر ریلوے نے کئی افسران کو ترقیاں دی ہیں تاہم اس کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا گیا ہے۔سروسز ٹریبونل نے پاکستان ریلوے کو ہدایت کی کہ وہ مدعاعلیہ کو 2 مارچ 2012 سے گریڈ 18 کی تمام مراعات دے اور گریڈ 17 میں 5 سال ریگولر سروس مکمل ہونے کی تاریخ سے گریڈ 18 میں ترقی دینے کا معاملہ زیرغور لایا جائے۔

بقیہ 36 سٹاک مارکیٹ

ایرانی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرگنائزیشن حامد یاری نے اپنے بیان میں کہا کہ جنگ کے دوران اسٹاک مارکیٹ بند کرنے کا مقصد شیئر ہولڈرز کے اثاثوں کا تحفظ تھا۔انہوں نے کہا کہ مقصد جنگ کے دوران قیمتوں کے تعین کے لیے زیادہ شفاف حالات فراہم کرنا بھی تھا۔

بقیہ 37 اردوان

کی بنیادی وجوہات میں سے ایک اسرائیل کی نہ ختم ہونے والی اشتعال انگیزیاں ہیں، اسرائیل چاہتا ہے کہ یہ جنگ پورے خطے میں پھیل جائے اور ہمارے علاقے پر بے یقینی اور خوف کی فضا مزید گہری ہوجائے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر خطے میں مستقل استحکام مطلوب ہے تو سب کو اپنے تنگ مفادات ایک طرف رکھنا ہوں گے، خطے کے ممالک کو خطے سے باہر کے عناصر کے مفادات کے بجائے اپنے شہریوں کے حقوق کا دفاع کرنا چاہیے۔

بقیہ 38 شرجیل

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنہوں نے سیاست اور تنقید کرنی ہے وہ کریں، ہم اپنا کام کرتے رہیں گے، کراچی میں جدید طرز کے اسٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتالوں، جامعات اور عوامی منصوبوں پر کام جاری ہے۔منشیات فروشی کے معاملے پر بات کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ ملزمہ انمول پنکی ایک زہر بیچنے والی خاتون تھی، میں کسی کا نام نہیں لینا چاہتا مگر یہ پورا ایک نیٹ ورک ہے، بدقسمتی سے ہم نے منشیات کو سنجیدگی سے نہیں لیا، میں کسی ایک حکومت کی بات نہیں کررہا، ملک بھر کی کررہا، دنیا بھر میں منشیات ایک بڑا مسئلہ ہے۔سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ منشیات فروشی کافی لوگوں کا اہم کاروبار بن چکا ہے، میں کسی کی پگڑی اچھالنا نہیں چاہتا ہوں، لیکن میڈیا سے گزارش ہوگی کہ اسے گلیمرائز نہ کریں کیونکہ منشیات کے استعمال سے روز قیمتی جانیں جاتی ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ اس وقت سب سے بڑی ذمہ داری والدین کی ہے، ہم اسکولوں میں بچوں کا رینڈم ٹیسٹ کروائیں گے، منشیات سے یہ جب زومبیز بن جاتے ہیں وہ کسی کے قابو میں نہیں آتے۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ریڈ لائن کا کام دن رات چل رہا ہے۔

بقیہ 39 احتجاج کا اعلان

جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا وقت آگیا۔جماعت اسلامی کا مارچ اٹک پل تک نہیں رکے گا۔"بدل دو نظام" جلسہ عام سے سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق، امیر کے پی عنایت اللہ خان اور امیر دیر پائیں مولانا اسد اللہ نے بھی خطاب کیا۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ یہ جلسہ اختتام نہیں بلکہ ایک نئی جدوجہد کا آغاز ہے۔انہوں نے مقامی قیادت کو پہاڑی علاقے میں شاندار جلسے کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے انہیں دیر پائیں میں جماعت اسلامی کے 80 ہزار ممبرز بنانے کا ہدف دیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 79 برس سے ملک پر افسر شاہی، جاگیرداروں، سرمایہ داروں اور مافیاز کا ایک کنسورشیم مسلط ہے جس نے عوام کا استحصال کیا۔قوم نے حکمران کمپنیوں کو ٹھکرانا اور نظام تبدیل کرنا ہے، عوام اب اس فرسودہ نظام سے تنگ آچکے ہیں اور نئی قیادت اور نئے نظام کے خواہاں ہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 1969 میں ریاست دیر پاکستان میں شامل ہوئی تو یہاں تعلیمی ادارے اور بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر تھیں، تاہم جماعت اسلامی نے عوامی خدمت کے ذریعے یہاں حکومت کے بغیر حکومت سے زیادہ کام کیا، سڑکوں کا جال بچھایا اور عوام کو سہولیات فراہم کیں۔تعلیم کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ہزاروں تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں، دیگر سیاسی جماعتیں تعلیم کے میدان میں بھی کام کرکے دکھائیں۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت علاقے میں ایک بھی نیا کالج کیوں نہ کھول سکی۔

بقیہ 40 رابطہ

کردہ اس بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے تنازعے کے حل کے لیے سیاسی اور سفارتی سطح پر جاری کوششوں پر توجہ مرکوز رکھی اور ایک امن معاہدے کی اہمیت پر زور دیا۔صدر پیوٹن نے یوکرین جنگ کے دوران متحدہ عرب امارات کی طرف سے انسانی ایشوز میں انسانی بنیادوں پر کی جانے والی امداد کی تعریف کی۔شیخ محمد بن زاید بن سلطان النہیان اور روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے مشرق وسطیٰ میں جاری صورت حال پر تبادلہ خیال کیا اور اس کے ممکنہ سنگین اثرات علاقائی اور عالمی حوالے سے جائزہ لیا۔خصوصاً توانائی کے بحران اور عالمی معاشی حالات پر مرتب ہونے والے اثرات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 41 اعلان

کی آخری تاریخ یکم شوال 1448ھ (9 مارچ 2027) ہے، زائرین کے داخلے کی آخری تاریخ 15 شوال 1448ھ (23 مارچ 2027ء) مقرر کی گئی ہے، سعودی عرب سے زائرین کی روانگی کی آخری تاریخ 30 شوال 1448ھ 7 اپریل 2027 مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 42 ڈراپ سین

۔ذرائع کے مطابق نورالدین نے مختلف افراد سے فراڈ کے ذریعے بھاری رقوم حاصل کر رکھی تھیں اور رقم واپس کرنے کے بجائے اغوا کا ڈرامہ ترتیب دیا۔ایس پی سٹی نیاز اور ان کی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اور اس کے دونوں ساتھیوں کو رحیم یار خان سے گرفتار کرلیا۔یاد رہے کہ نورالدین کی گمشدگی کا مقدمہ یکم مئی کو تھانہ آبپارہ میں اس کے بھائی سیف الدین کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ نورالدین کو اسلام آباد سے اغوا کیا گیا ہے۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 43 فائرنگ

فائرنگ کی اور دو مسلح ملزمان نے گھر میں گھسنے کی کوشش کی۔درخواست میں بلیغ شیر کھوسہ نے کہا ہے کہ 2023ء میں بھی مجھ پر مسلم ٹاؤن کے علاقے میں فائرنگ کی گئی تھی جس میں مجھے گولی لگی تھی، سپریم کورٹ کا وکیل ہوں تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 44 اعلان

رساں ادارے کے مطابق سٹرلنگ نے کہا کہ ہمیں ایک حقیقی مقابلے کی ضرورت ہے جس میں بہترین امیدوار میدان میں ایک دوسرے کا سامنا کریں اور میں اس میں حصہ لوں گا۔

بقیہ 45 سردار یوسف

ذوالفقار خان، ڈائریکٹر مکہ عارف راؤ جبکہ مدینہ منورہ سے زوم کے ذریعے ڈائریکٹر حج مدینہ زاہد سہیل، کوآرڈینیٹر مدینہ کاشف حسین اور دیگر اعلیٰ حکام نے وفاقی وزیر کو مختلف شعبوں کی کارکردگی اور انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 46 حجاج

سرکاری اسکیم کے 97 ہزار 208 جبکہ 26 ہزار سے زائد پرائیویٹ عازمین سعودی عرب میں موجود ہیں۔پاکستان سے مجموعی طور پر ایک لاکھ 79 ہزار 210 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے، سرکاری حج اسکیم کے تقریباً 81 فیصد عازمین سعودی عرب پہنچ چکے ہیں۔

بقیہ 47 مصطفیٰ کمال

میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، صحت کے شعبے میں اہم قومی ترجیحات اور اصلاحات کو عالمی برادری کے سامنے پیش کریں گے۔

بقیہ 48 دعوت

ادا کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ سازی کے عمل میں استعفوں سے قبل اپوزیشن نے تعمیری کردار ادا کیا۔اتوار کو اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجٹ سے متعلق گزشتہ اجلاسوں میں اپوزیشن اراکین کا رویہ مثبت رہا اور انہوں نے بجٹ معاملات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔

بقیہ 49 زیر عتاب

بہت زیادہ ہے اور ہر تاجر کی کوشش ہے کہ اسے ایران پہنچ سکے، تاہم ایرانی بارڈر بند ہے، تاجر گاہکوں کے انتظار میں آلوؤں کی بوریوں پر بیٹھے ہیں۔صورتحال انتہائی خراب ہے۔عالمی ماہرین کے مطابق طالبان رجیم کی ناکام پالیسیوں نے تجارتی بندش کے نتیجے میں افغانستان کے کسانوں اور تاجروں کو معاشی تباہی سے دوچار کردیا ہے۔

بقیہ 50 قتل

مطابق جاں بحق افراد کی شناخت محبوب اور محمود کے ناموں سے ہوئی ہے جو آپس میں سگے بھائی تھے اور کریانہ کے سامان کے ہول سیل کاروبار سے وابستہ تھے۔مقتول ملک محبوب مقامی کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن کے نائب صدر بھی تھے۔

بقیہ 51 سامنے آگئیں

مقیم رہے اور یونیورسٹی طالبہ کا روپ دھار کر ملزمہ کی نقل و حرکت کی ریکی کرتے رہے۔پولیس ٹیم نے ایک لڑکی کے ذریعے ملزمہ کے گھر خریداری کے بہانے بھی رسائی حاصل کی تاکہ مطلوبہ معلومات اکٹھی کی جاسکیں۔

بقیہ 52 مستعفی

میں کہا کہ ہم امریکی بارڈر پیٹرول کے چیف مائیکل بینکس کی دہائیوں پر محیط قابل قدر خدمات پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 53 فیصل راٹھور

آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے کہا کہ وہی وعدہ کرتا ہوں جس پر پورا عمل درآمد کر سکوں۔بے شمار ایسے کام ہیں جو شاید ناممکنات کی حد تک مشکل تھے۔وزیراعظم کی حیثیت سے دستیاب وسائل کے مطابق تمام حلقوں کے مسائل حل کرنے ہیں۔

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
پیر، 18 مئی، 2026، یکم ذی الحج، 1447ھ

اگر تم کو علم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)
ایڈیٹوریل
فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

آر ایس ایس: مسلم دشمنی سے پاکستان دوستی کی طرف

بھارت کی ہندو انتہا پسند جماعت راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سیکرٹری جنرل دتاتریہ ہوسابالے نے پاکستان کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ پریس ٹرسٹ آف انڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ انڈیا کو پاکستان کے ساتھ مذاکرات کے دروازے بند نہیں کرنے چاہئیں اور ہمیشہ بات چیت کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ عالمی حالات کو متاثر کرنے والی متعدد خبروں کے ہجوم میں بھارت سے آنے والی یہ خبر زیادہ توجہ حاصل نہیں کرسکی۔ ایک طرف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امریکہ گئے ہوئے ہیں جہاں صدر شی جن پنگ نے انہیں تائیوان کے سوال پر چینی تحفظات سے آگاہ کیا اور کہا کہ تائیوان کی آزادی اور امن ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ یہ چینی صدر کی طرف سے امریکہ کو اس سوال پر تنازعہ سے گریز کا سنجیدہ مشورہ سمجھا جارہا ہے۔ صدر شی کا کہنا تھا کہ تائیوان کے مسئلے کو درست طریقے سے نہ سنبھالا گیا تو دونوں ملکوں میں تصادم ہوگا۔ تاہم صدر شی نے اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ امریکہ اور چین تصادم کی بجائے تعاون سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اختلافات کے باوجود دونوں ممالک کو باہمی احترام اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں پر چلنا ہوگا۔ تجارتی جنگ میں کوئی فاتح نہیں۔ چین کے صدر نے کہا کہ تمام عالمی بحرانوں کا حل صرف سفارت کاری اور مذاکرات میں ہے۔ اختلافات کے باوجود دونوں ممالک کو باہمی احترام اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں پر چلنا ہوگا۔ چین اور امریکا دو بڑی طاقتیں ہیں، عالمی استحکام ہمارا مشترکہ ہدف ہے۔ اس دورہ کے عالمی معیشت اور اسٹریٹیجک تعلقات پر دوررس اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ صدر ٹرمپ اپنے ہمراہ پندرہ بڑی امریکی کمپنیوں کے سربراہان کو چین لے کر گئے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکی حکومت چین میں سرمایہ کے ذریعے باہمی تعلقات بہتر بنانا چاہتی ہے۔ دونوں ملکوں کی اس ملاقات میں ایران کا تنازعہ بھی زیر بحث آیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق چین اور امریکہ نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار بنانے کا حق نہیں ہونا چاہیے۔ تاہم بیجنگ نے اس پہلو کو نمایاں کرنے سے گریز کیا۔ البتہ چین آمد پر صدر ٹرمپ کا شاندار استقبال کیا گیا جس سے واضح ہوتا ہے کہ چینی قیادت اہم عالمی امور پر امریکہ کی اہمیت قبول کرتی ہے اور مل کر کام کرنے کی خواہاں ہے۔ اسی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایران جنگ کا خاتمہ اور ایران و امریکہ کے درمیان امن معاہدہ بے حد اہم ہے۔ قیاس کیا جارہا ہے کہ چین، تہران کو اپنی پوزیشن نرم کرنے اور امریکہ کے ساتھ جنگ بند کرنے کا کوئی معاہدہ کرنے پر آمادہ کرسکتا ہے۔ اس دوران چین نے پاکستان کو دونوں ملکوں کے درمیان مصالحت کی کوششیں جاری رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ اسے چین کی طرف سے یہ اشارہ سمجھا جاسکتا ہے کہ چین، ایران جنگ کا خاتمہ، عالمی امن، مشرق وسطیٰ کے استحکام اور ایران کے مستقبل کے لیے ضروری سمجھتا ہے۔ اس لحاظ سے بھی ٹرمپ اور شی کی ملاقات اہم ہے۔ اس دوران اگرچہ ایران نے امریکہ کے بارے میں اپنی پوزیشن نرم نہیں کی اور متحدہ عرب امارات کے بارے میں بھی سخت اور تند و تیز بیانات کا سلسلہ جاری ہے لیکن ایک طرف ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی برکس کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہونے نیو دہلی گئے ہیں تو دوسری طرف تہران نے آبنائے ہرمز سے عالمی تجارتی جہازوں کو گزرنے کے اشارے دیے ہیں۔ خبروں کے مطابق چین جانے

اظہار خیال
سید مجاہد علی

والے درجن بھر جہازوں کو اس آبی شاہراہ سے نکلنے میں معاونت بھی کی گئی ہے۔ لگتا ہے کہ یہ جہاز امریکی بحریہ کے اشتراک سے ہی آبنائے ہرمز سے گزرنے میں کامیاب ہوئے ہوں گے کیوں کہ ایک طرف ایران نے آبنائے ہرمز کو بند کیا ہوا ہے تو دوسری طرف امریکہ نے بھی اس سمندری گزرگاہ کی ناکہ بندی کی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ فلسطینی قیدیوں پر مظالم کے بارے میں نیویارک ٹائمز کی سنسنی خیز رپورٹ اور دوران جنگ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے خفیہ دورہ امارات کی خبر اور پھر یو اے ای کی طرف سے اس کی تردید بھی عالمی خبروں پر چھائی رہی۔ یہ سب خبریں مشرق وسطیٰ اور عالمی حالات پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اس کے باوجود بھارت میں انتہاپسند آر ایس ایس کے ایک اہم لیڈر کی طرف سے پاکستان کے ساتھ مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے کا مشورہ اور پھر انڈین آرمی کے سابق سربراہ جنرل (ر) منوج نروانے کی طرف سے اس کی پرزور تائید کم از کم پاکستان کے لیے اہم اور خوشگوار قوعد کی حیثیت رکھتی ہے۔ بھارت کی حکمران بی جے پی پارٹی نے پاکستان کے ساتھ تعلقات میں شدید سرد مہری کا رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ بھارتی حکومت نہ صرف باہمی سفارتی تعلقات کو انتہائی نچلی سطح تک لے گئی ہے بلکہ پاکستان کے ساتھ کھیلوں اور ثقافت کے شعبے میں تعاون بھی ختم کیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو کھلاڑی ایک دوسرے کے مدمقابل ہوسکتے ہیں اور نہ ہی فنکار یا ادیب ایک دوسرے ملک کا دورہ کرکے بھائی چارے کی فضا قائم کرسکتے ہیں۔ گزشتہ سال مئی کی جھڑپوں کے بعد دونوں ملکوں کے تعلقات میں دوری کے علاوہ اشتعال کی کیفیت پائی جاتی ہے۔ بھارت نے آپریشن سندور جاری رکھنے کا اعلان کرکے پاکستان کے ساتھ جنگی حالت جاری رکھی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ ہی سندھ طاس معاہدہ معطل کرکے تسلسل سے مقبوضہ کشمیر سے پاکستانی دریاؤں میں آنے والے پانی کو بند کرنے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ ان دونوں پالیسیوں کی وجہ سے دونوں ملکوں کے درمیان تصادم کی کیفیت موجود ہے اور کہیں سے کوئی خوشگوار خبر سنائی نہیں دیتی۔ اس دوران پہلے غزہ کی جنگ اور اس کے بعد فروری کے آخر میں ایران پر امریکہ و اسرائیل کے حملوں نے تمام ممالک اور عالمی رہنماؤں کی توجہ حاصل کی ہوئی ہے اور برصغیر کی دو جوہری طاقتوں کے درمیان معاملات کے بارے میں کسی کو غور کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ حالانکہ اس خطے میں لگ بھگ دو ارب لوگ آباد ہیں اور یہاں پر بڑھنے والا کوئی تنازعہ انتہائی خطرناک صورت اختیار کرسکتا ہے۔ ایسے ماحول میں بھارت کی ایک انتہاپسند تنظیم آر ایس ایس کے جنرل سیکرٹری کی طرف سے باہمی تعلقات میں بہتری اور بات چیت شروع کرنے کا مشورہ اور ایک سابق آرمی چیف کی طرف سے اس کی پرزور تائید ظاہر کرتی ہے کہ بھارت کی حکمران پارٹی کو شاید اپنی غلط پالیسی کا احساس ہو رہا ہے اور ممکن ہے کہ پاکستان اور بھارت کے تعلقات میں جمی ہوئی برف پگھلنے کے آثار پیدا ہوجائیں۔ پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات کی حمایت کی ہے تاہم بی جے پی کی حکومت اور نریندر مودی جیسے انتہاپسند وزیراعظم کے سخت گیر رویہ کی وجہ سے اس خواہش کو مسترد کیا جاتا رہا ہے۔ البتہ بھارتیہ جنتا پارٹی جس انتہاپسند تنظیم کے زیر اثر بھارت کو ہندو ریاست بنانے کے مشن پر گامزن ہے، اسی کا ایک اہم لیڈر مذاکرات کا دروازہ کھولنے کی بات کررہا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نئی دہلی میں یہ احساس اجاگر ہوا ہے کہ پاکستان کے بارے میں اختیار کی گئی پالیسی درست نہیں ہے۔ تاتریا ہوسابالے اور جنرل منوج نروانے اب جو بات کہہ رہے ہیں، پاکستان نے ہمیشہ اس کا پرچار کیا ہے۔ تاہم اب اگر نئی دہلی کی طرف سے مثبت اشارے موصول ہوئے ہیں تو انہیں خوشگوار تبدیلی سمجھنا چاہیے۔ اگرچہ بھارت سے پاکستان کے ساتھ تعلقات بحال کرنے کی باتیں دو غیر سرکاری لوگوں نے کی ہیں لیکن ان کی سیاسی اہمیت و حیثیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ یہ قیاس کرنا ممکن نہیں ہے کہ مودی حکومت اپنے ہی ہم خیال حلقوں میں پروان چڑھنے والی اس سوچ سے غافل ہو۔ بلکہ اس امکان کو بھی مسترد نہیں کیا جاسکتا کہ پاکستان کے ساتھ بگاڑ کے خاتمے کی پالیسی کا اشارہ دینے کے لیے نئی دہلی کی حکومت نے آر ایس ایس اور ایک سابقہ آرمی چیف کو استعمال کیا ہو تاکہ پاکستان کا رد عمل دیکھا جاسکے۔ اس تبدیلی قلب کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ گزشتہ مئی کی جھڑپوں کے بعد بھارت کو اندازہ ہوگیا ہے کہ پاکستان کو عسکری لحاظ سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا۔ پھر عالمی سطح پر پاکستان کی پذیرائی اور ایران و امریکہ کے درمیان ثالثی کے لیے اسلام آباد کے کردار سے پاکستان کو جو اہمیت حاصل ہوئی، بھارت اس کا اثر بھی محسوس کررہا ہے۔ تاہم جو بھی وجہ ہو، عوامل کی بجائے یہ حقیقت پیش نظر رہنی چاہیے کہ نئی دہلی سے مصالحت کا پیغام بھیجا گیا ہے جسے اس خطے کے لیے مثبت اور حوصلہ افزا اشارہ سمجھنا چاہیے۔ حالانکہ آر ایس ایس اپنی مسلمان دشمنی اور بھارت میں مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز مہم جوئی کے لیے مشہور ہے۔ اگر یہ تنظیم پاکستان کے ساتھ دوستی و تعاون کے دروازے کھولنے کی بات کرتی ہے تو اسے بھارتی سوچ میں اہم تبدیلی سمجھنا چاہیے۔ برصغیر کے ان دو اہم ممالک نے گزشتہ سات دہائیوں میں کئی جنگیں لڑیں اور اچھے ہمسایوں کی طرح رہنے کی بجائے ایک دوسرے کے خلاف تخریب کاری کا رویہ اختیار کیا۔ اب کوئی بھی شخص یا تنظیم اگر اسے تبدیل کرنے کی بات کرتی ہے تو اس کا خیر مقدم ہونا چاہیے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان امن برصغیر میں معاشی ترقی اور خوشحالی کی نوید بن سکتا ہے۔ تاہم اس کے لیے دونوں ملکوں کے لیڈروں کو ذمہ دار لوگوں کی طرح ایک دوسرے کے احترام پر مبنی تعلقات استوار کرنے کے لیے کام کرنا ہوگا۔ (بشکریہ: ہم سب)

فرمانِ قائد

ایمان، اتحاد، تنظیم

مسلمانوں کی آزادی، اتحاد اور تنظیم میں اپنا کردار ٹھیک ادا کیا اور میرا اللہ کہے کہ اے میرے بندے! بے شک تو مسلمان پیدا ہوا۔ "بے شک تو مسلمان مرا"

کلامِ اقبال

یقین محکم، عمل پیہم

قوم اپنی جو زر و مال جہاں پر مرتی
بت فروشی کے عوض بت شکنی کیوں کرتی
ٹل نہ سکتے تھے اگر جنگ میں اڑ جاتے تھے
پاؤں شیروں کے بھی میداں سے اکھڑ جاتے

عوام پر ٹیکسوں کی یلغار

نقطہ نظر
خلیل احمد نینی تال والا

قارئین! آئی ایم ایف نے پاکستان پر مزید ٹیکس نیٹ بڑھانے اور اصلاحات جاری رکھنے پر زور دیا ہے۔ آئی ایم ایف نے بجلی، گیس اور پٹرولیم ...

کی وجہ سے پوری دنیا توانائی بحران سے متاثر ہوئی ہے، لیکن تقریباً تمام ممالک نے عوام کو اس معاشی دباؤ سے بچانے کیلئے ٹیکس ریلیف سمیت مختلف اقدامات کے ذریعہ بچانے کی کوشش کی ...

اٹھائیسویں آئینی ترمیم کا معمہ

اظہار خیال
مجیب الرحمٰن شامی

ایمانیات

نظامِ تکافل کیا ہے

تخت پڑی میں کس کا تخت تھا؟

اظہار خیال
سجاد اظہر

گزشتہ سے پیوستہ۔۔۔۔ تخت پڑی کو چینی سیاح ہیون تسانگ نے ٹسو کیونا تا سولائی اور یونانیوں نے کیسی ٹیرس سے موسوم کیا ہے۔ راجہ عارف منہاس نے اپنی کتاب 'تاریخ راولپنڈی' میں سکندر مقدونی کے وقائع نگاروں کے حوالے سے تحریر کیا ہے کہ ٹیکسلا کی ریاست میں تخت پڑی کے مقام پر ...

یہیں سے گزرتے تھے۔ گندھارا کی تہذیب کے نقوش جب مٹنے شروع ہوئے تو تخت پڑی بھی ویران ہوگیا۔ پھر گکھڑوں کے دور میں تخت پڑی کا درجہ ایک پرگنے کے طور پر رہا۔ عزیز ملک کی کتاب ...

گئی جن کا تخت پڑی میں کپڑے کا کاروبار بھی تھا۔ کرتار سنگھ دگل کی بہن کی شادی بھی تخت پڑی میں ہی ہوئی تھی۔ وہ لکھتے ہیں کہ جب وہ گرمیوں کی چھٹیوں میں بہن کے ساتھ تخت پڑی گئے تو انہیں ...

تعلیم اور جدید تصورات

مکالمہ
سلمان عابد

سالانہ بجٹ اور پنشنرز کی امیدیں

صدا بصحرا
رفیع صحرائی

میڈیا اور پروپیگنڈا

مہمان کالم
صنوبر ناظر

غافل .... (اکبر الہ آبادی)

وہاں الفاظ خضر رہ ہیں یاں معنی ہیں منزل پر
زباں کا ان کو دعویٰ ہے تو مجھ کو ناز ہے دل پر
سماعت گوش گل میں ہے نہ بینا دیدۂ نرگس
عجب کیا گریہ شبنم جو ہے اس بزم غافل پر

اسلام آباد، چیئرمین پی ایم یوتھ پروگرام رانامشہود سے ڈائریکٹر یونیسکو ملاقات کر رہے ہیں

ابوظہبی کے براکہ ایٹمی پلانٹ پر ڈرون حملہ، جنریٹر کو آگ لگ گئی

ابوظہبی (مانیٹرنگ ڈیسک) ابوظہبی کے نیوکلیئر پاور پلانٹ کے باہر ڈرون حملہ سے آگ بھڑک اٹھی۔ ابوظہبی حکام کے مطابق ڈرون حملے سے سعودی بارڈر کے قریب الظفرہ میں قائم پلانٹ کے جنریٹر میں آگ لگی جس پر قابو پالیا گیا، واقعے میں کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ حکام کے مطابق ریڈیولوجیکل سیفٹی لیول مکمل محفوظ قرار دے دیے گئے اور براکہ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر34)

ملک کے 79اضلاع میں انسدادِ پولیومہم کا آج سے آغاز

ایک کروڑ 90لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

انسدادِ پولیومہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت چلائی جائیگی

لاہور (بیورو رپورٹ) ملک بھر کے 79 مخصوص اضلاع میں آج (پیر) 18 مئی سے خصوصی انسداد پولیومہم کا آغاز کیا جائے گا جو 24 مئی تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران ایک کروڑ 90 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جبکہ ایک لاکھ 60ہزار سے زائد پولیو ورکرز اس قومی مہم میں فرائض سرانجام دیں گے۔ ای او سی کے مطابق خصوصی انسدادِ پولیومہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت منعقد کی جائے گی تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو موثر انداز میں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر33)

عراق میں ایک اور خفیہ اسرائیلی فوجی اڈے کے قیام کا انکشاف

نیویارک (فارن ڈیسک) اسرائیل کی جانب سے گزشتہ برس ایران جنگ سے قبل بھی عراق میں ایک خفیہ فوجی اڈا قائم کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق اسرائیل نے ایک اڈا عراق کے مغربی صحرا میں فروری میں شروع ہونے والی جنگ کے لیے استعمال کیا جبکہ عراقی حکام کا کہنا ہے کہ ملک میں ایک دوسرا اسرائیلی اڈا بھی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر22)

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے سپیکر ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

آئین کے تحت ریاست ہر قسم کے استحصال کے خاتمہ کی پابند ہے، سپریم کورٹ

قوانین انسان کیلئے بنے ہیں نہ کہ انسان قوانین کیلئے، یہ عدالت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ناانصافی کا ازالہ کرے

طویل ایڈہاک، عارضی، کرنٹ یا اضافی چارج درحقیقت استحصال کی ایک قسم ہے، کیس کے فیصلے میں ریمارکس

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) سپریم کورٹ نے گریڈ 17 کے افسر کو 8 سال تک گریڈ 18 میں ایکٹنگ چارج پر رکھنے کے کیس میں وفاقی سروسز ٹربیونل کی جانب سے گریڈ 18 میں ترقی کے لیے زیرغور لانے کے حکم کے خلاف ریلیز، حکومت کی جانب سے دائر درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی، سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس محمد علی مظہر نے قرار دیا ہے کہ قوانین انسان کے لئے بنے ہیں نہ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر35)

آبنائے ہرمز بحران پر امریکا کے پاس بہتر حل نہیں، ایلن آئر

ہرمز کی زیادہ دیر بندش سے معاشی اثرات سنگین ہوتے جائیں گے

چینی جہازوں کو اجازت ملی تو بیجنگ خاموش رہ سکتا ہے، گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ کے سابق عہدیدار ایلن آئر نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز جتنے زیادہ دن بند رہے گی، اس کے معاشی اثرات اتنے ہی سنگین ہوتے جائیں گے۔ غیرملکی خبررساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے ایلن آئر نے کہا امریکہ اس صورتحال میں ایک ایسے بحران کا سامنا کر رہا ہے جس سے نکلنے کا کوئی اچھا راستہ موجود نہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر32)

امریکہ نے پاکستان کو دہشتگردی کیخلاف اہم شراکت دار قرار دیدیا

اسلام آباد کے ساتھ فوجی شراکت داری کے نتیجے میں دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس اور موثر نتائج حاصل ہوئے

افغان طالبان کے زیر اثر افغانستان میں دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں علاقائی امن کیلئے مستقل خطرہ ہیں، سینٹ کام

واشنگٹن (ممتاز نیوز) امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں پاکستان کو ایک اہم اور کلیدی شراکت دار قرار دیتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے لیے اس کے کردار کو سراہا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے سینیٹ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انسداد دہشت گردی کے میدان میں ایک قابل اعتماد اتحادی ثابت ہوا ہے۔ ایڈمرل بریڈ کوپر کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر23)

ایرانی سٹاک مارکیٹ کل دوبارہ کھل جائے گی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے منگل سے اپنی اسٹاک مارکیٹ دوبارہ کھولنے کا اعلان کردیا۔ ڈپٹی سپروائزر (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر36)

اسرائیلی اشتعال انگیزیاں روکے بغیر امن ممکن نہیں، اردوان

بحران کی بنیادی وجہ اسرائیل کی مسلسل کارروائیاں ہیں، گفتگو

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ سب سے پہلے اسرائیل کی اشتعال انگیزیوں کو روکنا ضروری ہے، اس کے بعد ہی حقیقی امن قائم کیا جاسکتا ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق قازقستان سے واپسی کی پرواز کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اردوان نے کہا کہ میں ہر موقع پر کہتا ہوں، اس بحران (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر37)

باکو، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بابائے قوم حیدر علی کے مزار پر حاضری دے رہی ہیں

سیاسی جماعتیں ملکی مفاد کیلئے ایک پیج پر آئیں، گورنر پنجاب

پیپلز پارٹی اور ن لیگ ملک کی بہتری کیلئے مل کر کام کررہی ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ گورنر سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) ملک کی بہتری کے لیے مل کر کام کررہی ہیں۔ معرکہ حق میں کامیابی کے بعد پاکستان کا مورال (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر25)

دریائے گنگا تنازع حل نہ ہوا تو تعلقات متاثر ہونگے، بنگلہ دیش

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلہ دیش نے بھارت سے دریائے گنگا کے پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے ایک نئے معاہدے کا (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر24)

کراچی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

انمول پنکی زہر بیچتی، منشیات کو سنجیدہ نہیں لیا گیا، شرجیل

والدین کو بچوں پر نظر رکھنا ہوگی، سکولوں میں ریپڈ ٹیسٹ شروع کرینگے

منشیات فروشی سے روز قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، میڈیا محتاط رہے، گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ انمول عرف پنکی زہر بیچنے والی خاتون تھی، ان کا کارپوریٹ ورک ہے، بدقسمتی سے ہم نے منشیات کو سنجیدہ نہیں لیا۔ شرجیل انعام میمن نے بی آر ٹی ریڈ لائن کا دورہ کیا جس کے بعد انہوں نے میڈیا سے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر38)

محمد باقر قالیباف ایران کے نمائندہ خصوصی برائے چین مقرر

تہران (صباح نیوز) ایران نے پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کو چین سے متعلقہ امور کیلئے نمائندہ خصوصی مقرر کردیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی کے مطابق تعیناتی حال ہی میں کی گئی، باقر قالیباف امریکا سے ہونے والے مذاکرات میں ایران کے چیف مذاکرات کار بھی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر31)

ممکنہ بھارتی مہم جوئی کا انجام عبرتناک ہوگا، علیم خان

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کا بیان نئی دہلی کی عاقبت نااندیشی کا ثبوت ہے، پاکستان کے خلاف کسی بھی مہم جوئی کا انجام عبرتناک ہوگا، کسی جغرافیائی نقصان کی صورت میں تباہی کا ذمہ دار بھی بھارت ہوگا۔ بھارتی آرمی چیف کے پاکستان (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر30)

افراد ناکام، نظام کو بدلنے کیلئے مشین درکار، شبر زیدی

اصلاحات کی کوششیں مسلسل مزاحمت، اندرونی رکاوٹوں کا شکار رہیں

پی ٹی آئی حکومت میں دباؤ میں تھا، جو کرنا چاہ رہا تھا نہیں کرپایا، انٹرویو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو شبر زیدی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت میں دباؤ میں تھا، جو کرنا چاہ رہا تھا وہ نہیں کر پارہا تھا، پراپرٹی ویلیوایشن کے ٹیبل کو ریوائز کرنے، تاجروں کو رجسٹرڈ کرنے اور بینکوں کی ٹرانزیکشن کو ریلیٹ کرنے کی کوشش (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر26)

اسلام آباد، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کا مہنگائی کیخلاف 22مئی کو ملک گیر احتجاج کا اعلان

جون کے پہلے عشرے چاروں صوبوں میں ہڑتال ہوگی، عوام حکمرانوں سے تنگ آگئے، نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے

گزشتہ 79 برس سے ملک پر افسر شاہی، جاگیرداروں، سرمایہ داروں اور مافیاز کا کنسورشیم مسلط ہے، امیر حافظ نعیم

دیر پائیں (ممتاز نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے اعلان کیا ہے کہ بائیس مئی کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ اور مہنگائی کی مجموعی صورتحال کے خلاف ملک گیر مظاہرے اور دھرنے ہوں گے، جون کے پہلے عشرے میں چاروں صوبوں میں ہڑتال ہوگی، حکومت نے پٹرول کی قیمتیں کم نہ کیں تو سڑکوں کو جام کردیں گے اور اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ ہوگا۔ دیر پائیں میں تاریخی اور بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ملک کا موجودہ نظام عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کررہا ہے، اس فرسودہ نظام کو (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر39)

لندن، ہجرت مخالف اور فلسطین حامی مظاہرے، 43 گرفتار

پولیس کی بھاری نفری تعینات، شہر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ رہی

اسرائیلی فوج مردہ باد کے نعرے، غزہ میں جنگ کے خاتمے کا مطالبہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) لندن کے وسطی علاقوں میں دسیوں ہزار افراد نے دو الگ الگ احتجاجی ریلیوں میں شرکت کی، جن میں ایک مظاہرہ بڑھتی ہوئی ہجرت کے خلاف جبکہ دوسرا فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے نکالا گیا۔ برطانوی پولیس نے سیکیورٹی کے لیے چار ہزار اہلکار تعینات کیے، جن میں لندن سے باہر سے بلائی گئی اضافی نفری بھی شامل تھی۔ دونوں ریلیوں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر29)

توانائی سپلائی کا وقفہ پاکستان سب سے زیادہ متاثر، غذائی تحفظ کو سنگین خطرہ

حالیہ رکاوٹوں سے ایندھن کی کمی، قیمتیں اور مہنگائی بڑھنے کا بوجھ لاکھوں گھروں پر پڑ رہا ہے، پاکستانی مندوب

صورتحال برقرار رہی تو معاشی ترقی متاثر، وسیع پیمانے پر طویل المدتی مشکلات پیدا ہوں گی، اجلاس سے خطاب

نیویارک (ممتاز نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب نے کہا ہے کہ اگر توانائی کی سپلائی کے حوالے سے رکاوٹوں کی صورت حال برقرار رہی تو اس سے معاشی ترقی متاثر ہوگی اور وسیع پیمانے پر طویل المدتی معاشی مشکلات پیدا ہوں گی۔ اقوام متحدہ کی معاشی اور سماجی کونسل کے اجلاس کے دوران پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا کہ حالیہ عالمی توانائی اور سپلائی میں آنے والی رکاوٹوں کے اثرات دنیا کے ہر خطے اور ہر معیشت میں محسوس کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے انسانی اثرات بہت زیادہ ہیں اور مسلسل بڑھ رہے ہیں، عالمی سطح پر ایندھن کی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر27)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان دیر پائیں میں جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

روس اور امارات کے صدور میں ٹیلیفونک رابطہ

توانائی بحران اور عالمی معاشی حالات پر مرتب اثرات کا جائزہ لیا گیا

دونوں رہنماؤں کا تنازعے کے حل کیلئے جاری کوششوں پر زور

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس کے صدر پیوتن اور متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کے درمیان اہم ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ دونوں صدور نے اس موقع پر ایران اور متحدہ عرب امارات کے درمیان جاری کشیدگی پر بات چیت کی ہے۔ اس امر کا اظہار کریملن کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کیا گیا ہے۔ کریملن کے جاری (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر40)

پنجاب میں 50 تاریخی گوردواروں کی بحالی کا منصوبہ

رمیش سنگھ کا امریکا میں گوردوارہ گورونانک فاؤنڈیشن کا دورہ

سکھ برادری کو پاکستان آنے اور تاریخی ورثہ دیکھنے کی دعوت

لاہور (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ نے امریکہ کے شہر میری لینڈ میں واقع گوردوارہ گورونانک فاؤنڈیشن آف امریکہ میں حاضری دی، جہاں انہوں نے مذہبی عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے سنگت سے خطاب کیا اور سکھ نوجوانوں سے خصوصی ملاقات کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر28)

پشاور، ہنر میلہ میں روس سے آئے غیر ملکی سیاح سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد سے شہری کے اغوا اور کچہ پہنچنے کا ڈراپ سین، خود ہی ڈرامہ رچایا

ملزم نورالدین نے اپنے دو دوستوں کی مدد سے اغواء کی جعلی ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کی

مقصد مخالفین کیخلاف مقدمات درج کروانا اور واجب الادا رقوم سے بچنا تھا، پولیس، ملزمان سے تفتیش شروع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت سے مبینہ طور پر اغواء ہوکر کچے پہنچنے والے شہری کے معاملے کا ڈراپ سین ہوگیا۔ پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ شہری نے خود ہی اغواء کا ڈرامہ رچایا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم نورالدین نے اپنے دو دوستوں کی مدد سے اغواء کی جعلی ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کی۔ ملزم کا مقصد مبینہ طور پر مخالفین کے خلاف مقدمات درج کروانا اور خود پر واجب الادا رقوم سے بچنا تھا (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر42)

سعودیہ کا عمرہ سیزن 1448 ہجری کی تاریخوں کا اعلان

ریاض (امیر محمد خان سے) سعودی وزارت حج وعمرہ نے اعلان کیا ہے عمرہ سیزن 1448ھ کی تاریخیں مقرر کردی گئی ہیں، عمرہ زائرین 15 ذوالحج 1448ھ سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوسکیں گے، سعودی وزارت نے کہا ہے کہ ویزوں کا اجراء 31 مئی 2026 سے شروع ہوگا، نسک ایپ کے ذریعے اجازت نامے: 1 جون 2026 سے دستیاب ہونگے، ویزوں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر41)

سابق گورنر لطیف کھوسہ کے بیٹے کے گھر پر فائرنگ

2 مسلح ملزمان نے گھر میں داخل ہونے کی کوشش کی، پولیس کو اطلاع

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق گورنر پنجاب لطیف کھوسہ کے بیٹے بلخ شیر کھوسہ کی رہائش گاہ پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس پر بلخ شیر کھوسہ نے تھانہ ڈیفنس میں اندراج مقدمہ کے لیے درخواست دے دی۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ رات گھر پہنچا تو ملزمان نے گھر پر حملہ کیا، مددگار 15 پر پولیس کو اطلاع دی، دو موٹر سائیکل سواروں نے ڈیفنس فیز 6 میں قائم گھر پر (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر43)

حج انتظامات میں غفلت برداشت نہیں، سردار یوسف

پاکستان حج مشن کا دورہ، انتظامات کا تفصیلی جائزہ، اظہار اطمینان

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے سعودی عرب میں عزیزیہ میں قائم پاکستان حج مشن کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور حج انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل حج عبدالوہاب سومرو، چیف کوآرڈینیٹر مکہ ڈاکٹر مرزا علی محمود، کوآرڈینیٹر مکہ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر45)

برطانیہ، مستعفی وزیر صحت کا لیبر پارٹی کی سربراہی کا الیکشن لڑنے کا اعلان

لندن (فارن ڈیسک) برطانیہ کے مستعفی وزیر صحت نے اعلان کیا ہے کہ وہ لیبر پارٹی کی قیادت کے لیے الیکشن لڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ پارٹی کی مقبولیت میں کمی اور مقامی انتخابات میں تباہ کن نتائج کے بعد وزیر اعظم کیئر سٹارمر کی جگہ لے سکیں۔ غیرملکی خبر (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر44)

مکہ مکرمہ، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف حج مشن کے دورہ پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک لاکھ 23ہزار 684 پاکستانی عازمین حج سعودیہ پہنچ گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) ایک لاکھ 23ہزار 684 پاکستانی عازمین حج سعودی عرب پہنچ گئے، پاکستان کے مجموعی حج کوٹے کے تقریباً 69 فیصد عازمین حجاز مقدس پہنچ چکے ہیں، (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر46)

مصطفی کمال ورلڈ ہیلتھ اسمبلی اجلاس میں شرکت کیلئے جنیوا پہنچ گئے

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال ورلڈ ہیلتھ اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے جنیوا پہنچ گئے۔ اتوار کو ترجمان وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر ورلڈ ہیلتھ اسمبلی کے اجلاس (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر47)

افغانستان میں طالبان، بھارت میں مودی کی غلط پالیسیاں، تاجر کسان زیر عتاب

پاک افغان سرحد کے ساتھ ساتھ ایرانی بارڈر بھی بند، پکتیکا کی منڈی میں زرعی اجناس کے ڈھیر، خراب ہونے لگیں

مودی سرکار کی ظالمانہ پالیسیوں کیخلاف بھارتی کسانوں کا احتجاج، پولیس کی منتشر کرنے کی شیلنگ، متعدد زخمی

کابل، نئی دہلی (فارن ڈیسک) طالبان رجیم کی شدت پسندی اور ناکام پالیسیوں نے افغان معیشت کا جنازہ نکال دیا، سرحدی بندش نے افغان تاجروں کو دیوالیہ کر دیا۔ افغانستان سے پڑوسی ممالک کیلئے تجارتی بندش کے باعث پکتیکا کا منڈی میں زرعی اجناس کے ڈھیر لگ گئے، پاک افغان سرحد کے ساتھ ساتھ ایرانی بارڈر بھی بند کر دیا گیا جبکہ نااہل طالبان رجیم تاجروں کو متبادل راستے اور معاشی ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہوگئی ہے۔ سوشل میڈیا پر افغان تاجروں کی معاشی بربادی کی ویڈیو وائرل ہوگئی ہے۔ ویڈیو میں پکتیکا کا تاجر بتا رہا ہے کہ آلو کی فصل (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر49)

طارق فضل کی اپوزیشن کو کمیٹیوں میں واپسی کی دعوت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف کو پارلیمانی کمیٹیوں میں واپس آکر مثبت کردار (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر48)

گوجر خان میں فائرنگ، دو تاجر بھائی قتل، ملزم فرار

ملزم نے سابقہ رنجش پر دونوں بھائیوں کو قتل کیا، ابتدائی تحقیق

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) راولپنڈی کے علاقے گوجر خان میں ریلوے روڈ پر پیش آنے والے واقعے میں دو تاجر بھائیوں کو مسلح شخص نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مسلح ملزم نے دکان پر موجود دونوں بھائیوں پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوئے اور بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ پولیس حکام کے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر50)

ڈرگ ڈیلر پنکی گرفتاری کی اہم تفصیلات سامنے آگئیں

کراچی پولیس لاہور میں ملزمہ کے گھر کے قریب کرایہ کے مکان میں رہی

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور میں منشیات فروشی میں مطلوب ملزم انمول عرف پنکی کی گرفتاری سے متعلق اہم تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق ملزمہ کی گرفتاری کیلئے کراچی پولیس کی ایک مختصر خفیہ ٹیم لاہور پہنچی تھی جس نے کئی روز تک انتہائی محتاط انداز میں کارروائی کی۔ ذرائع کے مطابق کراچی پولیس اہلکار پنکی کے گھر کے قریب کرائے کے مکان میں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر51)

بیوپاری قربانی کی مناسبت سے فروخت کیلئے لائے جانوروں کو چارہ ڈال رہا ہے

امریکی بارڈر پیٹرول کے چیف مائیکل بینکس اچانک مستعفی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی بارڈر پیٹرول (گارڈز) کے چیف مائیکل بینکس مستعفی ہو گئے۔ اس اقدام کے بعد وہ امیگریشن قوانین نافذ کرنے والے ان حکام کے گروپ میں شامل ہو گئے ہیں جنھوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارت میں واپسی کے بعد سے اپنے عہدے چھوڑے ہیں۔ کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن کے کمشنر روڈنی اسکاٹ نے ایک بیان (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر52)

ایڈیٹر انچیف و پبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی نائن تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر A-8 سٹریٹ نمبر B-1 انڈس بلاک، ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر E-12، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
مینجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com